ناشتے کے بعد سلطان سبکتگین شاہی باغ میں ٹہلنے چلے گئے۔۔دل کافی بوجھل سا ہو رہا تھا

وہ یہ سوچ رہے تھے کہ جبران کا امتحان کیسے لیا جائے۔اس کے ساتھ ساتھ یہ سوچتے ہوئے ماضی ان کے حال کے دروازے پر دستک دینے لگا اور اپنی بکھری اور بچھڑی ہوئی محبت ان کی رگوں میں دوڑنے لگی۔۔

پھر وہ باغ سے نکل کر اپنی والدہ کے کمرے میں چلے گئے۔

ملکہ نور صبح خشک میوہ جات سے حذا اٹھا رہی تھیں کہ اچانک سبکتگین کو آتا دیکھ کر پریشان ہو گئیں

"آپ اسوقت۔۔"

ملکہ نور صبح نے حیرانی سے پوچھا

پھر سبکتگین کو دیکھا جس کی آنکھیں رونے کی وجہ سے سرخ تھیں۔۔

" لگتا ہے آپ پھر ماضی میں کھوئے تھے"

ملکہ نور صبح نے تجسس سے پوچھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں امی۔۔اس کی یادیں مجھے اس سے نکلنے ہی نہیں دیتیں۔"

امی جب بھی دیکھتا ہوں کہ کسی کو اس کی محبت ملی ہے تو بہت دکھ ہوتا ہے کہ مجھے میری

" محبت کیوں نہیں ملی

سبکتگین نے دکھ سے کہا

بیٹا خدا نے ہر محبت کا انجام لکھ دیا ہوتا ہے۔۔"

ہر محبت کا انجام ملن نہیں ہوا کرتا۔۔

بہت کم محبتیں ملن پر ختم ہوتی ہیں اور جو بچتی ہیں وہ لازوال ہونے کے لیے ہوا کرتی ہیں بیٹا

۔۔

تمہیں اگر تمہاری محبت نہیں ملی تو غم کیوں کرتے ہو۔۔

اس کا انجام خدا نے بہت بہترین سوچا ہو گا بس انتظار کرو اس لمحے کا جب تمہیں اس کا ثمر

" ملے گا

ملکہ نور صبح نے مسکرا کر کہا

" اچھا میرے پاس آؤ"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ملکہ نور صبح اپنے پلنگ پر بیٹھیں اور سبکتگین ان کے پاس آ گیا

پھر انہوں نے سبکتگین کا سر اپنی گود میں رکھا اور اس کے سر پر ہاتھ پھیرنے لگیں۔۔

ماں کے لمس سے سبکتگین کو بہت راحت ملنے لگی اور پھر وہ نیند کی آغوش میں چلا گیا

💖💖💖💖💖💖💖💖

ویرنیکے عمرو کے گھر سے نکلی تو اسے ایک دم خیال آیا کہ اس کی بھیڑیں اور گائے تو وہیں

پہاڑ پر درخت کے ساتھ بندھی ہیں۔۔

یہ خیال آتے ہیں ویرنیکے کے اوسان خطا ہو گئے

پورے محل میں تیاریاں چل رہی تھیں۔۔ہر طرف رونق ہی رونق تھی۔۔جسے دیکھو

ایک عجیب سی تیزی میں تھا۔۔یہ تیزی اس محل میں اس وقت ہوتی تھی جب کوئی خاص

مہمان آ رہا ہو۔۔

جس بھی ملازم کو دیکھو صفائی کر رہا تھا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خانساماں جدید جدید اور مزے مزے کے کھانے بنا رہے تھے۔۔ ملکہ نور صبح کبھی

خانساماؤں کا معائنہ کرتیں اور ان کو ٹوکتیں

" ارے کریمن اس کھیر میں چینی کم ہے"

" اوہ ربابیہ گوشت بھی کچارہ گیا"

اور کبھی صفائی کرتی ملازموں کے پاس جا کر دیکھتیں

" ارے بلقیس دیکھ یہاں دھول باقی ہے"

" شمیم تجھ سے یہ بھی ٹھیک سے صاف نہ ہوا ذرا دھیان سے دیکھ"

یا پھر شاہی محل کے انتظامی گروہ سے جا مخاطب ہوتیں۔۔

" استقبال کی ساری تیاریاں مکمل ہیں نا نہید"

" دیکھو کوئی بھی چیز سجے بغیر نہ رہے"

سارا دن یوں کام کر کر کے سہ پہر کے وقت ملکہ نور صبح تھک کر نڈھال ہو گئیں۔۔

سبکتگین بھی ساری تیاریوں میں مصروف تھا۔

آخر سبکتگین کی پھوپھو زرین صاحبہ کو چلی آ رہی تھیں۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سبکتگین کے والد سلطان ذوالقرنین کی دو بہنیں تھیں۔۔ایک شہزادی دل ربا کی والدہ جن کا نکاح ملک مہیب کے پرانے بادشاہ سلطان اسفند ہندوئی سے ہوا مگر دل ربا کی پیدائش کے بعد اس کی ماں چل بسی اور پھر دل ربا نے اپنے کسی ذاتی انتقام کی خاطر ایک جنگ میں اپنے باپ کو مار ڈالا اور اسی جنگ میں اپنا ملک بھی ہاتھ سے گنوا بیٹھی۔۔۔اور پھر یہاں اپنے ماموں کی پاس چلی آئی۔۔ لیکن پھر ایک حادثے میں خود بھی اس دنیا ہستی سبکدوش ہو گئی۔۔

دوسری بہن زرین صاحبہ تھیں جن کی نکاح ایک گاؤں دبہ کے چودھری شجاعت حسین سے کیا گیا تھا۔۔گاوں دبہ ملک شہلا یعنی سبکتگین کے ہی ملک کا ایک حصہ تھا۔۔گاؤں کے چودھری ہونے کی وجہ سے ان کے بھی بڑے ٹھاٹ تھے۔چنانچہ سبکتگین کے والد ذوالقرنین نے اپنی بہن کا رشتہ شجاعت سے طہ کر دیا۔۔پھر ان کی ایک بیٹی ہوئی جس کا نام خنصہ رکھا گیا۔۔

سہ پہر کا وقت تھا۔۔تمام شاہی محل زرین صاحبہ اور ان کی صاحبزادی خنصہ کے استقبال کے لیے کھڑے تھے۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دو کہیں کھیتوں کے بیچ سے ایک بگھی آتی دکھائی دے رہی تھی۔۔

محل کے باہر لوگ بھی کھیتوں میں سے اس بگھی کے گرد منڈلا رہے تھے۔۔

" سلطان کی پھوپھی ہے یہ "

ہجوم میں ایک عورت نے کسی دوسری عورت سے کہا

ہاں اس کے ٹھاٹ تو دیکھو۔"

" اور اس کی بیٹی کو کیسے شہزادیوں کی طرح رکھا ہوا ہے

دوسری نے جواب دیا

کہتے ہیں کہ سلطان کی دوسری بہن کے ٹھاٹ اس بھی زیادہ تھے آخر ملکہ تھی وہ ملک"

مہیب کی مگر پھر نہ ماں رہی نہ باپ اور نہ بیٹی۔۔

" اور ملک ویسے جاو ویسے ہی رہ گیا

پہلی عورت نے دوبارہ کہا

جن لوگوں کو اپنے اقتدار پر غرور ہوتا ہے نا۔ان کے ساتھ یہی ہوتا ہے۔۔"

جیسے بادشاہ اسفند تھے ویسے ہی ان کی کلموہی بیٹی دل ربا نکلی۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دیکھو آج عبرت بنے ہیں سب کے لیے

" باپ کو شہزادے سر مد نے مار دیا اور بیٹی نے جنگ میں خود کشی کر لی

پہلی عورت پھر سے گویا ہوئی۔۔

"ہاں لیکن کچھ لوگ کہتے ہیں کہ وہ آگ خود ہی لگی تھی مگر۔۔۔"

دوسری عورت کچھ کہنے لگی تھی کہ پہلی عورت نے ٹوک دیا

ارے کیسے لگ سکتی ہے خود آگ"

میں کہتی ہوں تمہیں۔۔

" اس نگوڑی کلموہی نے خود کو خود ہی جلایا تھا

پہلی عورت نے بڑے فخر سے کہا

ہاں بہن سچ تو رب ہی جانے ویسے ایسوں کا یہی انجام ہوتا ہے۔۔۔"

اب اپنے سلطان سبکتگین کو دیکھ لو

"! کتنا اچھا بچہ ہے

دوسری عورت نے کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"خدا اسے لمبی زندگی دے۔۔۔"

پہلی عورت بولی

"سب کے ساتھ گھل مل کر رہتا ہے غریبوں کا اتنا خیال رکھتا ہے۔۔خدا اسے ہر بڑے شر سے بچائے اور اس کی ساری خواہشیں پوری کرے"

دوسری عورت نے کہا

اتنے میں بگھی کافی دور جا چکی تھی اور شاہی محل کے دروازے کو عبور کر رہی تھی۔۔

شاہی محل میں جاتے ہی بگھی سے زرین صاحبہ اور ان کی بیٹی خنصہ باہر نکلیں۔۔

شاہی محل کے تمام ملازمین نے ان کا پر جوش استقبال کیا۔۔

ملکہ نور صبح نے آگے بڑھ کر زرین کو گلے لگایا۔۔اور ان کو اندر کا راستہ دکھایا۔۔

خنصہ نے بھی ممانی کو سلام کیا تو سبکتگین نے بھی پھوپھو سے پیار لیا۔۔

سبکتگین کو پیار کر کے زرین محل کے اندرون میں داخل ہو گئیں۔۔خنصہ نے بھی اندر جانے کے لیے سبکتگین کے پاس سے گزری اور ایک شیطانی مسکان سے سبکتگین کو دیکھا

۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" مجھ سے اتنا کھینچا و سلطان سبکتگین اچھا نہیں ہو گا"

اس نے دل میں کہا اور سبکتگین کی طرف بڑھی

"کیسے ہیں خنصہ کے ماموں زاد؟؟"

خنصہ مسکراتے ہوئے بولی تو سبکتگین نے نظریں جھکا لیں۔۔اپنے عشق میں ناکامی کے بعد وہ کسی لڑکی کو دیکھتا بھی نہ تھا۔۔

" خدا کا شکر ہے وہ جس بھی حال میں رکھے"

سبکتگین نے بڑے اطمینان اور متانت سے کہا

خنصہ کو دیکھ کر خنصہ کے ماموں زاد نے یوں آنکھیں چرا لیں۔۔لگتا ہے خنصہ کے ماموں"

" زاد کو خنصہ سے عشق ہو گیا ہے

خنصہ طنز سے مسکرائی

سبکتگین نے کوئی جواب نہ دیا اور آگے ہو لیا

" خنصہ سے یوں کھینچا و بیت بھاری پڑے گا آپ کو خنصہ کے سبکتگین"

خنصہ دل ہی دل میں مسکرائی اور سبکتگین کے پیچھے ہو لی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شام کے سائے منڈلا رہے تھے کہ جب ویر نیکے اپنے مویشیوں کو لے کر گھر پہنچی۔۔

بی بی جی کا تو برا حال تھا۔ہر جگہ اسے تلاش رہی تھیں۔۔خدا سے رو رو کر دعائیں مانگ رہی تھیں۔۔وہ لڑکی جو سورج نکلنے سے پہلے جاتی اور سورج کے سر پر آنے تک گھر بھی لوٹ آتی اور آج سورج ڈھلنے کو ہو گیا تھا اور وہ لوٹی ہی نہیں تھی۔۔

بی بی جی اسے اپنے سامنے پا کر بس اس کا ماتھا چومے جا رہی تھیں اس کی کوئی بھی بات سنے بنا۔۔

شکر ہے سوہنے مالک تو نے میری بیٹی لوٹا دی۔۔"

"ایک بیٹی کھو چکی ہوں۔۔یہ نہیں کھونا چاہتی۔۔

بی بی جی اسے صحیح سلامت دیکھ کر خدا سے فریاد کر رہی تھیں۔۔

پھر بی بی جی نے ویر نیکے سے پوچھا کہ وہ کہاں تھی تو ویر نیکے نے ساری تفصیل بتائی کہ جس طرح اس نے ایک زخمی کی مدد کی اور پھر اسے گھر تک چھوڑ کر آئی اور اس سب میں اپنے مویشی پہاڑ پر چھوڑ آئی۔۔لیکن خدا کا کرم تھا کسی بھی جنگلی درندے نے ان کو چھوا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھی نہیں تھا۔۔

بی بی جی اس پر رشک کر رہی تھیں۔۔

یا خدا نہ جانے میری کونسی نیکی تھی جو اتنی پیاری بیٹی مجھے ملی۔۔۔"

" اتنی نیک اور سب کی خدمت کرنے والی

" اماں جی آپ کتنی اللہ کی پاکیزہ بندی ہیں تو آپ کو آپ جیسی ہی بیٹی ملے گی نا"

ویر نیکے نے مسکرا کر کہا تو بی بی جی اس کا ماتھا چومنے لگیں۔۔

اماں جی ایک سوال ہے کہ شاید میری حقیقی ماں بھی ایسے ہی نیک اور پارسا تھیں جیسے "

" آپ ہیں

ویر نیکے کے سوال پر بی بی جی اسے پیار کرنے لگیں۔۔

بیٹی میں جانتی ہوں تم اپنی ماں کو جاننا چاہتی ہو اسے پہچاننا چاہتی ہو لیکن بیٹی خدا پر بھروسا"

رکھو۔۔جو کام جب ہونا بہترین ہوتا ہے وہ تب ہی ہوتا ہے۔۔اس لیے جب تمہارا تمہاری

" ماں سے ملنا بہترین ہوگا وہ تمہیں ضرور ملوائے گا

پھر بی بی جی نے اسے گلے سے لگا لیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ڈوبتے سورج کی نارنجی روشنی ان دونوں کا طواف کر رہی تھی۔۔

💔💔💔💔💔💔💔💔💔💔

رات کی تاریکی چاروں اطراف پھیل چکی تھی۔۔

سبکتگین اپنے کمرے کی کھڑکی سے کھلے آسمان کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

آسماں پر بے انتہا تارے تھے۔۔وہ ان تاروں کو بہت غور سے دیکھ رہا تھا۔۔۔

"دیہی لوگ کہتے ہیں کہ جو مر جاتے ہیں وہ ستارا بن جاتے ہیں۔۔میں جانتا ہوں کہ یہ ایک غلط کہاوت ہے مگر کاش کہ یہ سچ ہوتا تو پھر یونہی ستاروں کو دیکھتا رہتا اور ڈھونڈتا کہ ان میں سے آپ کونسا ستارا ہو۔۔اور پتا ہے میں آپ کو ڈھونڈ بھی لیتا۔پتا ہے کیوں؟ کیونکہ آپ کی خوشبو کا احساس میں میلوں سے ہی لگا لیا کرتا تھا۔۔

اب نہ وہ خوشبو رہی اور نہ آپ!"

سبکتگین کی آنکھوں سے آنسو برس رہے تھے۔۔

"آپ جانتی ہیں کہ میں نے آپ کو سارے زمانے میں رسوائی سے بچا لیا۔۔

میں جانتا ہوں آپ کی موت ایک حادثہ نہیں تھی۔۔آپ نے خود کو خود ہی آگ لگائی تھی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

--

مگر کیوں؟؟

کیوں دل ربا؟؟

کیوں کیا آپ نے ایسا؟؟

آپ نے خود کو ہی آگ لگالی۔۔

یہ بھی نہ سوچا کہ اس آگ سے جھلسنے کے بعد آپ کا جسم تو ختم ہو جایے گا مگر آپ کی روح اس خود کشی کی سزا خدا کے حضور بھگتتی رہے گی اور صرف یہی نہیں سحر ش، میرے ابا اور پھو پھو جی ان کے قتل کی سزا بھی آپ کو ملتی رہے گی۔۔۔

میرے بس میں ہوتا تو یہ سزا خود لے لیتا۔۔۔

اور اس سے بڑھ کر اگر مجھے ایک خواہش کا حق ہوتا تو میں آپ کی جگہ خود مرنے کی خواہش کرتا اور آپ کو بچا لیتا تا کہ آپ اپنے گناہوں کی معافی مانگ لیں لیکن سوائے آپ "کی مغفرت اور آسانی کے لیے دعا کرنے کے علاوہ میں کر بھی کیا سکتا ہوں۔۔۔۔

سبکتگین کا لہجہ روندھا گیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیکن وہ ساری دعائیں۔۔وہ ساری فغائیں جو میں رب سے آپ کی مغفرت کے لیے کرتا"
ہوں وہ تو بے فائدہ ہی جاتی ہیں کیونکہ یہ بھی سچ ہے کہ آپ ایک حرام موت مری ہیں۔۔
اور حرام موت مرنے والے کی بخشش نہیں ہوتی۔۔
لیکن پھر بھی خدا سے ایک امید ہے کہ وہ آپ کو آگ کے گڑھے سے بچالے۔۔
آپ کو بچالے
بچالے۔۔۔۔"۔
سبکتگین کی آواز کم ہو گئی۔۔
پھر وہ کچھ دیر روتا رہا پھر تاروں کو دیکھ کر اپنے بستر پر آکر لیٹ گیا۔۔

۔۔۔۔۔۔۔

پہلے سارے جگ میں بھٹکتا ہے عشق
اور تپتی آگ کی طرح بھڑکتا ہے عشق
گر بھا جائے کسی کی تابانی من کو تو
ہر اک رگ میں نس میں پھدکتا ہے عشق

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سارے وجود کی یہ صدا ہے

یہ عشق تجھ کو ہوا ہے

💖💖💖💖💖💖💖💖

اگلے روز سبکتگین صبح کی نماز ادا کرنے کے بعد چہل قدمی کرنے چلے گئے۔۔آج ان کے ساتھ ان کا جگری دوست نوشاد بھی تھا۔۔

وہ نوشاد سے جبران اور عائشہ کے بارے میں بات کر رہے تھے اور گھر لوٹ رہے تھے کہ کیسے یہ ثابت کریں کہ جبران عائشہ سے محبت کرتے ہیں۔۔۔

یہی باتیں کرتے وہ محل کے صدر دروازے تک جا پہنچے۔۔

محل کے بالا خانے پر خنصہ کھڑی ان کو آتا ہوا دیکھ رہی تھیں۔۔

دیکھو بھئی دیکھو کون آرہا ہے۔۔"

ارے یہ تو خنصہ کا سبکتگین آرہا ہے

خنصہ کا من بھی بہت ابل رہا تھا اب سمجھ آیا کہ خنصہ کے سبکتگین کے آنے کی خوشی تھی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"وہ۔۔

خنصہ نے سبکتگین کو دیکھتے ہوئے کہا۔

اچانک سبکتگین نے اوپر دیکھا تو اس کی نظر خنصہ پر پڑی تو فوراً جھکا لی

ارے خنصہ کے سبکتگین ایسی بھی کیا بے تکلفی کہ خنصہ کو دیکھتے ہی خنصہ کا سبکتگین "

آنکھیں ہٹا لے۔۔۔۔

بچپن سے آپ کو پانے کی تمنا تھی خنصہ کی سبکتگین

" اس بار آپ کو میں پا کر ہی رہوں گی

خنصہ نے اپنے بالوں کی لٹھ ہاتھ میں پکڑ کر اس کٹھ کے کونے کو مروڑتے ہوئے کہا

پھر مسکرا کر سبکتگین کو دیکھنے لگی

۔۔۔۔۔۔۔

پہلے سارے جگ میں بھٹکتا ہے عشق

اور تپتی آگ کی طرح بھڑکتا ہے عشق

گر بھا جائے کسی کی تابانی من کو تو

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہر اک رگ میں نس میں پھدکتا ہے عشق

سارے وجود کی یہ صدا ہے

یہ عشق تجھ کو ہوا ہے

💔💔💔💔💔💔💔💔💔💔

صبح سویرے ہی عمرو کی آنکھ کھل گئی۔علالت کی وجہ سے وہ آج کھیتوں پر کام کرنے بھی نہیں جا سکتا تھا۔۔وہ بستر پر لیٹا تھا اور اللہ رکھی اس کا سر دبا رہی تھیں۔۔۔

" اماں اب بس کریں نا"

عمرو نے تھک کر کہا

دبانے دو ناپتر۔۔۔"

" تمہیں یوں دبا کر تمہاری ہوں دیکھ بھال کر کے تمہاری ماں کو اچھا لگتا ہے

اللہ رکھی نے مسکرا کر کہا

مگر اماں کب سے دبا رہی ہیں آپ؟؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ساری رات دباتی رہی ہیں کبھی ہاتھ کبھی ٹانگیں اور کبھی سر۔

" میں ٹھیک ہوں اب اماں

عمرو نے وضاحت پیش کی۔

اب جا کر سو جائیں اماں۔۔"

" آپ ساری رات نہیں سوئیں

عمرو کے اصرار آخر کار اللہ رکھی سونے کے لیے رضامند ہو گئیں اور کمرے سے نکل گئیں

۔۔

اللہ رکھی کے جانے کے بعد عمرو اپنی سوچوں میں کھو گیا

" کل یہی وقت تھا جب آپ نے مجھے بچایا"

عمرو کل کے واقعے کو یاد کر رہا تھا پھر سارا واقعہ یاد کر کر کے مسکرائے جا رہا تھا

دل کرتا ہے ایسا ہو آپ ابھی آ جاؤ۔۔۔"

" ہاں ابھی آ جاؤ

عمرو نے پاگلوں کی طرح کہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پھر خود پر ہنسنے لگا

" ارے عمرو تو تو دیوانہ ہو گیا ہے کم عقل ہو گیا ہے کیا وہ کیسے آئیں گی بھلا"

پھر خود پر ہنسنے لگا

عین اسی وقت گھر کا دروازہ کھٹکا۔۔

عمرو کے ابا نے جا کر دروازہ کھولا اور پھر کمرے میں آئے ان کے ساتھ ویر نیکے بھی موجود تھی۔۔

ویر نیکے کو اپنے سامنے ہر دیکھ کر عمرو حیرت کا بت بن گیا۔۔۔

" ہیں ابھی آپ کا نام لیا اور آپ حاضر"

عمرو نے دل میں کیا کہا اور پھر مسکرایا

ویر نیکے نے سلام لیا تو عمرو نے جواب دیا۔

عمرو کے ابا نے ویر نیکے کو سر پر پیار دیا۔۔

"کیسی طبیعت ہے اب آپ کی؟؟"

ویر نیکے نے دھیرے سے پوچھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" پہلے سے بہتر ہوں"""

عمرو نے مسکرا کر کہا

اتنے میں اللہ رکھی بھی دوسرے کمرے سے ادھر آ گئیں۔۔

" ارے واہ ویر نیکے بیٹی آئی ہے"

اللہ رکھی نے ویر نیکے کا ماتھا چومتے ہوئے کہا

"کیسی ہیں خالہ؟؟"

دعا و سلام کے بعد ویر نیکے نے اپنے ہاتھ میں پکڑا مٹی کی صراحی اللہ رکھی کی طرف بڑھائی

۔۔

یہ اماں جی نے دیا ہے خالہ"

عمرو کے ہلدی والا دودھ ہے

یہ پئیں گے تو اللہ کے فضل سے جلدی ٹھیک ہو جائیں گے۔

" اماں کہہ رہی تھیں کہ وہ بھی آج یہاں چکر لگائیں گی

ویر نیکے نے صراحی اللہ کو پکڑاتے ہوئے کہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" جیتی رہو بیٹی مگر اس تکلف کی کیا ضرورت تھی"

اللہ رکھی نے صراحی پکڑی

اس سب میں عمرو ویر نیکے جو دیکھی جا رہا تھا

"ویسے بیٹی تمہاری اماں کون ہیں؟؟"

اللہ رکھی نے پوچھا تو ویر نیکے ساکت ہو گئی۔۔

پھر ہمت باندھ کر بولی

" بی بی جی۔۔بی بی صفوفہ۔۔بی بی صفوفہ میری اماں ہیں"

ویر نیکے کی بات سن کر اللہ رکھی حیران ہو کر اسے دیکھنے لگی

💖💖💖💖💖💖💖💖

اچھا تو تم ہو وہ لڑکی جسے بی بی جی نے آگ سے بچایا تھا"

خدا نے کتنے کمال کی جوڑی بنائی ہے۔۔۔

بی بی جی کے جیسی ہو بہو

" ویسا ہی کردار ویسے ہی اطوار

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عمرو کی ماں ویر نیکے کے صدقے واری جانے لگیں۔۔

پھر ویر نیکے ان سے اجازت لے کر چلی گئی

💖💖💖💖💖💖

سلطان سبکتگین ملکہ نور صبح خنصہ اور زرین صاحبہ سب ناشتے کی میز پر بیٹھے تھے۔۔ملازم عورتیں نواب میں آکر کھانا لگا رہی تھیں۔۔۔

سبکتگین اپنے خیالوں میں کھویا تھا جبکہ خنصہ اسے دیکھی جا رہی تھی۔۔۔

حسین تو بہت ہو آپ اور غضب یہ ہے کہ اتنے ہی اکڑو بھی ہے۔۔۔لیکن میں بھی " خنصہ ہوں۔۔۔

"خنصہ کی چیز کو پانا خنصہ کو بڑے اچھے طریقے سے آتا تھا۔۔۔

خنصہ نے مسکراتے ہوئے اسے دیکھتے ہوئے دل میں کہا

کھانا لگ چکا تھا۔۔تو ملکہ نور صبح اور زرین کھانا کھانے لگیں۔۔۔

" جناب آپ بھی کھانا کھا لیجیے"

خنصہ نے میز پر پڑا ایک سیب سبکتگین کو مار کر کہا تو سبکتگین ہڑبڑا گیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ارے خنصہ بیٹا ایسا نہیں کرتے آپ آرام سے کہہ دیتیں"

زرین نے اسے ٹوکا۔۔

" کوئی بات نہیں زرین بہن۔۔بہن بھائیوں میں تو ایسے مذاق چلتے ہی رہتے ہیں"

ملکہ نور صبح کی بات ابھی بہن بھائی تک پہنچی تھی کہ خنصہ کا نوالہ حلق میں اٹک گیا

"آہ آہ۔۔۔"

وہ کھانسنے لگی۔۔

" سبکتگین بیٹا بہن کو پانی دو"

ملکہ نور صبح نے سبکتگین کو کہا۔۔

اب کی بار تو خنصہ کے رنگ ہی اڑ گئے

" بہن بھائی"

اس کا چہرہ لال پیلا ہو رہا تھا

فورا اٹھ کر چلی گئی

" وہ الٹی آ رہی ہے میں بیت الخلا"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

غصے میں خنصہ پوری بات بھی نہ کر سکی بس اٹھ کر بھاگ گئی۔۔۔

سبکتگین کو اس سارے منظر سے کوئی فرق نہ پڑا وہ بابھونے ہوئے مرغے کی ٹانگ منہ میں ڈال رہا تھا۔۔۔

زرین صاحبہ بھی مشکوک نگاہوں سے نور صبح اور ان کے بیٹے کو دیکھ رہی تھیں۔۔

بھائی بہن کہنا ان کو بھی ناگوار جو لگا تھا۔۔

💖💖💖💖💖💖💖💖

عمرو کے ہاں سے لوٹی تو ویرنیکے نے ساری بات بی بی جی کو بتائی۔۔

بی بی جی اسکی بات سن کر اداس ہو گئیں۔۔

"بی بی جی آپ اداس کیوں ہو گئیں؟؟"

ویرنیکے نے حیرانی سے کہا

" یہ تو خوشی کی بات ہے نا"

نہیں پتر۔۔۔لوگ مجھے غلط سمجھتے ہیں لیکن مجھ سے بڑا گناہ گار بھی کوئی نہیں۔۔"

"اپنی زندگی میں جو گناہ مجھ سے ہوا ہے نا پتر وہ گناہ۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بی بی صفوفہ کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔۔

آپ ایسا کیوں کہہ رہی ہیں بی بی جی۔۔"

آپ تو اتنی نیک ہیں۔۔اتنی اچھی ہی۔۔۔

اگر آپ نے کوئی گناہ بھی کیا ہو گا تو وہ رب آپ کو معاف کر دے گا۔۔

مجھے پتا ہے میں نے آپ کو راتوں کو روتے ہوئے دیکھا ہے اماں جی

" اور وہ رب ہر گناہ معاف کر دیتا ہے

ویر نیکے نے بی بی جی کے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا

خدا کرے وہ مجھے معاف کر دے۔۔"

"ورنہ میں تو معافی کے لائق نہیں۔۔

بی بی جی رونے لگیں تو ویر نیکے ان کے پاس سے اٹھ کر گئی اور گھڑے سے پانی لے کر آئی

" یہ پانی پیجیے۔۔آپ کا دل ٹھنڈا ہو گا"

پھر بی بی جی پانی پینے لگیں۔۔



Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خنصہ اپنے کمرے میں آئینے کے سامنے بیٹھی خود کو کوس رہی تھی۔۔۔

"خنصہ کے ماموں زاد۔۔۔"

وہ غرائی

نہیں ماموں زاد نہیں"

" خنصہ کے بھائی

وہ بولی

پھر تھوکنے لگی

آہ ہے۔۔۔خنصہ کی ممانی جی بھی نا۔۔۔"

خنصہ کے ماموں زاد کو خنصہ کا۔۔۔۔

استغفر اللہ۔۔۔۔

" خنصہ کبھی یہ خواب میں بھی نہ سوچے

وہ غصے سے بولی۔۔۔

ممانی جی سے اس کا بدلہ ہی لے گی خنصہ تب جا کر خنصہ کے من کو شانتی ملے گی۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"لیکن خنصہ ایسا کیا کرے کہ ممانی جی کو نقصان بھی نہ ہو اور بدلہ بھی پورا ہو جایے۔۔

خنصہ سوچنے لگی۔۔۔

"خنصہ کو بھی ایک ترکیب سوجھی ہے۔۔۔"

وہ مسکرائی۔۔۔

پھر کمرے سے نکل گئی۔۔۔

💖💖💖💖💖💖💖💖

کمرے سے نکل کر خنصہ باورچی خانے کی طرف گئی۔۔۔

ممانی جی دوپہر کا کھانا کب لیتی ہیں؟؟"

اس نے ایک ملازمہ سے پوچھا

حضور تو دوپہر کو کچھ نہیں کھاتیں ہاں البتہ میں یہ شربت ان کے کمرے تک لے کر

" جا رہی ہوں۔۔وہ اس سمے صرف شربت پیتی ہیں

نوکرانی نے تفصیل بتائی پھر گویا ہوئی۔

"لیکن آپ کیوں پوچھ رہی ہیں چھوٹی صاحبہ؟؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارے خنصہ سوچ رہی تھی کہ ممانی جی کی خدمت کرے۔۔۔چند دن کے لیے تو یہاں" آئیں ہوں تو اس لیے۔۔

" لاؤ یہ شربت خنصہ کو دو خنصہ لے کر جاتی ہوں

خنصہ نے شربت کا گلاس نوکرانی سے لیا اور پھر وہاں سے چلی گئی۔۔

پھر کیچن کے پیچھے بنے کھانے کے چھوٹے سے گودام میں گئی اور وہاں ایک بڑے سے برتن میں پڑی مرچوں کے ذخیرے میں سے سرخ مرچوں کی بڑی سی ڈلی اس میٹھے سرخ شربت کے تانبے کے گلاس میں ڈال دی۔۔

" اب ہو گا خنصہ کا بدلہ پورا جب ممانی جی کے گلے کو لگے گا یہ مرچوں کا چورا"

وہ ہنسنے لگی اور پھر وہاں سے نکل گئی۔۔۔

وہاں سے نکل کر وہ راہداری میں آ گئی

"یہ ممانی جی تک کیسے پہنچائے گی اب تو خنصہ ؟؟"

وہ سوچنے لگی

اچانک وہاں سے ایک ملازمہ گزری۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سنو"

یہ شربت کا گلاس لو اور خنصہ کی ممانی کو دے دو۔۔۔

" کہنا زلیخا کا ہیر پھسل گیا تھا تو وہ گر گئی اس لیے میں شربت لے کر آئی ہوں

خنصہ نے مسکرا کر کہا

" مگر بی بی جی زلیخا تو"

ملازمہ کی بات ابھی بیچ میں تھی کہ خنصہ پھر سے گویا ہوئی

" ہاں خنصہ جانتی ہے زلیخا باورچی خانے میں ہے"

پھر ایک اشرفیوں کی تھیلی اس ملازمہ کی طرف بڑھائی

" یہ رکھ کو مشکل میں کام آئیں گی لیکن کسی کو مت بتانا سمجھی تم"

خنصہ نے غصے سے کہا اور وہاں سے چلی گئی۔۔

💖💖💖💖💖💖💖💖

" عمرو کے ابا ایک بات کہوں"

دوپہر کا کھانا کھاتے ہوئے اللہ رکھی نے اپنے شوہر سے کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ہاں کہہ۔۔"

" عمرو کے ابا وہ لڑکی میرے من کو بھا گئی ہے"

اللہ رکھی نے مسکرا کر کہا

"اللہ رکھیے آواز ہولی کر۔۔ عمرو۔۔۔"

عمرو کے ابا نے کہا

عمرو نہیں ہے وہ باہر گیا ہے میں اسے کہا تھا کہ مرجا مگر کہتا کی گھر بیٹھ کر اکتا گیا ہوں تو"

" میں نے جانے دیا۔۔ ویسے بھی اب اس کی حاجت سنبھل گئی ہے

اللہ رکھی نے تفصیل بتائی اور لسی کا گلاس منہ کو لگایا

تو کیا کہتے ہو آپ عمرو کے ابا"

آج بی بی جی بھی آئی تھیں۔۔۔

بس میرا تو دل ہی آ گیا ہے اس لڑکی پر

" پہلے تو میں بی بی جی سے بات کرنے لگی تھی مگر پھر سوچا آپ سے بات کر لوں

دیکھ اللہ رکھی میرا نہیں خیال کہ بی بی جی مانیں گی۔۔ کیونکہ کہاں وہ نیک اور پارسا بی بی"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"جی اور کہاں ہم جیسے گناہ گار لوگ؟؟

عمرو کے ابا نے مایوسی سے کہا اور روٹی کا نوالہ منہ میں رکھا

" عمرو کے ابا ایک بار بات تو کرنی چاہیے نا"

اللہ رکھی نے کہا

کچھ سوچتے ہیں۔۔ابھی مجھے کھیتوں پر جانا ہے عمرو بھی نہیں جا رہا تو سارے کام رکے "

" ہوئے ہیں

پھر عمرو کے والد ساری روٹی ختم کر کے اٹھے اور گھر سے نکل پڑے

💔💔💔💔💔💔💔💔

ملازمہ شربت لے کر ملکہ نور صبح کے کمرے میں پہنچی۔۔نور صبح ریاستی امور کا رجسٹر دیکھ رہی تھیں۔۔

" ادھر رکھ دو"

نور صبح نے دیکھے بنا کہا اور پھر سے رجسٹر پر دیکھنے لگی

خنصہ باہر کھڑکی سے یہ سب دیکھ رہی تھی۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" خنصہ کی ممانی جلدی سے شربت پیجیے نااور مزے کیجیے نا"

خنصہ مسکرا کر بولی

کافی دیر گزر جانے کے بعد بھی نور صبح نے شربت نہ پیا تو خنصہ کو غصہ آنے لگا

" خنصہ کی ممانی شربت پیجیے نا"

خنصہ خود سے کہنے لگی

آخر کار کچھ دیر بعد ملکہ نور صبح نے رجسٹر بند کیا اور پھر پاس پڑی لوہے کی چھوٹی سلاخ کو

دوسری سلاخ سے مارا تو گھنٹی کی آواز آئی تو ایک ملازمہ اندر آئی

یہ شربت باورچی خانے لے جاؤ۔۔"

" ہمیں آج یہ نہیں پینا

نور صبح نے مسکرا کر کہا اور پھر سے رجسٹر کھول لیا

" دھت تیرے کی"

خنصہ غصے سے بولی

یہ تو سارا آوے کا آوا بگڑ گیا۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

غصے میں خنصہ وہاں سے اٹھ کر اپنے کمرے میں آ گئی۔۔

اور پھر راستے میں آتے ہوئے ایک ملازمہ سے کہا کہ میرے لیے شربت بنا کر لاؤ بہت گرمی ہے اور اپنے کمرے میں آ گئی۔۔

💖💖💖💖💖💖💖💖

شام کو ویر نیکے عمرو کا حال پتا کرنے اس کے گھر چلی گئی۔۔۔اللہ رکھی اکیلی گھر تھیں۔۔۔

ویر نیکے نے دعا و سلام کے بعد عمرو کا پوچھا تو اللہ رکھی نے کہا کہ پاس میدان میں گیا ہے ٹہلنے تو ویر نیکے وہاں سے میداں میں چلی گئی۔۔

ویر نیکے میدان میں پہنچی تو عمرو ایک پنجرے میں کچھ پرندے لیے وہاں کھڑا تھا۔۔

شام کا منظر تھا۔۔سورج ڈھل رہا تھا۔۔۔اور لالی چاروں طرف پھیلتی چلی جا رہی تھی۔۔

" تو جناب آپ یہاں ہیں"

ویر نیکے نے عمرو کے پیچھے سے آ کر کہا تو عمرو ایک دم ڈر گیا پھر مسکرا کر ویر نیکے کو دیکھا۔۔

ہاں میں تو یہاں ہوں لیکن آپ یہاں نہیں ہیں۔۔۔"

" آپ تو ہر وقت میرے پاس ہوتی ہیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عمرو نے مسکرا کر دل میں سوچا

" ہاں ہاں میں یہی ہوں۔۔بس ان پرندوں کو پنجرے سے نکالنے کا سوچ رہا تھا"

عمرو نے پنجرے کی طرف دیکھا۔۔

" آپ ان کو پنجرے سے نکال دو گے تو یہ تو چلیں جائیں گے "

ویرنیکے نے معصومیت سے کہا

ہاں یہ تو پرندے ہیں نا ان کا گھر یہ کھلی فضا ہوتی ہے۔۔ان کو پنجرے سے نکالنے پر اسی "

"فضا میں چلے جائیں گے۔۔۔

عمرو نے مسکرا کر کہا

تو آپ ان کو نکال دو گے ؟؟؟"

ویرنیکے کا لہجہ استفہامیہ تھا

ہاں لیکن ایک پنجرہ ہے جس میں ایک پنچھی سما گیا ہے لیکن اسے کبھی آزاد نہیں کروں گا"

"میں

عمرو نے مضطرب لہجے سے کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"میں سمجھی نہیں کونسے پنجرے میں اور کونسا پنچھی؟؟"

ویر نیکے نے حیرت سے پوچھا

"میرے دل کے پنجرے میں۔۔"

عمرو نے مسکرا کر کہا

ارے ارے آپ جیسے لوگوں کو بھی پیار ہو جاتا ہے"

چلیں شاباش بتائیں کس سے ہوا؟؟

"کس کو قید کر دیا اپنے دل کے پنجرے میں؟؟

ویر نیکے خوش ہو کر پوچھنے لگی

" چھوڑیں آپ پھر کسی دن بتائیں گے آپ کو "

عمرو نے مسکرا کر کہا

"ابھی تو ان پرندوں کو اڑاتے ہیں"

" لیکن یہ اڑ جائیں گے اور پھر کبھی واپس نہیں آئیں گے"

ویر نیکے کا لہجہ اداس تھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پنچھی ہو یا انسان دونوں کو آزاد چھوڑ دینا چاہیے۔۔ جس تمہارا ہو گا لوٹ آئے گا جو تمہارا"

نہ ہو گا چلا جائے گا

اپنے چلے بھی جائیں تو اپنی یادیں چھوڑ ہی جاتے ہیں بلکہ وہ تو ہمیں ہی اپنی یادوں کے

" پنجرے میں قید کر جاتے ہیں

عمرو نے ڈھلتے سورج کو دیکھا

اب اس آفتاب کو دیکھو۔۔"

ڈھلتے کا فتاب کو دیکھو۔۔۔

روز چلا جاتا ہے لیکن پھر لوٹ بھی آتا ہے۔۔۔

"کیونکہ یہ ہمارا اپنا ہے ہمارا ہم سب کا۔۔۔

ویرنیکے بڑے غور سے عمرو کی باتیں سن رہی تھی۔۔۔

چلیں اب مل کر ان پرندوں کو اڑاتے ہیں۔۔"

ویرنیکے نے پنجرے کے دروازے کھولا تو ساری چڑیاں پھڑ پھڑاتی ہوئی خوشی سے باہر

نکل آئیں۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"دیکھو کتنی خوش ہیں یہ آزاد ہو کر"

عمروان کو دیکھ کر خوش ہو رہا تھا

سارے پرندے آسماں پر پہنچے اور پھر عمرو کو دیکھ کر اپنی چونچیں ہلانے لگے جیسے دعا دے رہے ہوں اور پھر ڈھلتے سورج کی روشنی میں کھو گئے۔۔

عمرو اور ویرنیکے کی آنکھیں نم تھیں۔۔

پھر وہ فلک پر دیکھنے لگے اور ان اڑ جانے والے پرندوں کو دیکھنے لگے

💖💖💖💖💖💖💖💖💖💖

ملازمہ باورچی خانے میں پہنچی تو وہاں ایک شربت کا گلاس پہلے سے ہی موجود تھا جو ایک تختے پر پڑا ہوا تھا۔۔۔

" یہی کے چلتی ہوں اب نیا شربت کیا بنانا"

وہ مسکرائی اور وہ گلاس اٹھا لیا۔۔۔

"ہو سکتا ہے خنصہ بی بی نے کسی اور بھی ملازمہ سے کہا ہو اور یہ انہی کے لیے ہو"

پھر وہ گلاس لے کر وہ کمرے سے نکل گئی۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

گلاس لے کر وہ خنصہ کے کمرے میں پہنچی اور شربت کا گلاس اسے دیا۔۔

خنصہ نے شربت کے گلاس کو منہ لگایا اور گھٹا گھٹ سارا پی گئی مگر اگلا لمحہ چکرا دینے والا تھا

۔۔خنصہ کے چہرے کے تیور بدلنے لگے۔۔۔

چہرہ لال سرخ ہو گیا۔۔۔کان اور ناک سے گرم ہوا نکلنے لگی۔۔۔منہ گرم ہو گیا۔۔

اس کے پیر زمین پر ٹک نہیں رہے تھے۔۔۔

کیونکہ یہ وہی شربت کا گلاس تھا جو خنصہ نے ملکہ نور صبح کے لیے بنایا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ملک مہیب کا شہزادہ، شہزادہ اوریا اپنی منگیتر فرزانہ کے ساتھ شاہی محل کے باغ میں بیٹھا تھا۔۔وہ دونوں ڈھلتے سورج کو دیکھ رہے تھے اور اس گلابی شام گلابی رنگت میں خود کو ضم کر رہے تھے۔۔۔

" اس پہ ہے بنا میں بہت اکیلی ہو جاؤں گی اوریا"

فرزانہ نے اوریا کی طرف دیکھا اور کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جان اوریا آپ کہاں اکیلی ہوں گی بھلا۔۔۔"

"میں ہوں گا نا آپ کے ساتھ ہر پل ہر لمحہ ہر گھڑی۔۔

اوریا نے مسکرا کر کہا

" لیکن آپ کے بنا جینے کا سوچتی ہوں تو یوں لگتا ہے کہ جیسے یہ دنیا ختم ہو جائے گی"

فرزانہ نے مایوسی سے کہا

جان اوریا صرف ایک سال کی تو بات ہے۔۔۔"

" مین جلد لوٹوں گا اور پھر ہمارا نکاح ہو گا

اوریا نے مسکرا کر کہا

لیکن ایک سال کم نہیں ہے۔۔۔"

بہت زیادہ ہے۔۔

انتظار کی گھڑی ہمیشہ لمبی ہوا کرتی ہے کہ جیسے وقت رک گیا ہو۔۔یہ جتنی بھی مختصر ہو پھر

"بھی یہ طویل اور مدید لگتی ہے۔۔۔

فرزانہ نے نم آنکھوں سے اوریا کو دیکھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" جان اور یا آپ انتظار کی اس گھڑی کو متحرک اور رنگین بنا لیجیے گا"

اور یا نے مسکرا کر فرزانہ کے چہرے کی طرف دیکھا جو شام کی گلابی روشنی میں گلابی ہوا جاتا تھا۔۔۔

انتظار کی گھڑی رنگین نہیں سنگین ہوتی ہے۔۔۔"

"انتظار کے اوقات میں ملنے والا الم کائنات کے تمام دکھوں سے بھاری ہوا کرتا ہے۔۔۔

فرزانہ نے مایوسی سے سر ہلایا تو اس کے بال اس کے چہرے پر آ گئے۔

اور یا نے اپنا ہاتھ بڑھایا اور اس کے چہرے ہر سے بال ہٹاتے ہوئے کہا

ہماری یادیں رنگین بنائیں گی اس گھڑی کو۔۔۔"

" ساتھ بیتائے پل اس کی سنگ دلی اور ترش روی کو نازک مزاج اور دلفریب بنائیں گے

اور یا نے اپنا ماتھا اس کے ماتھے سے لگا کر کہا

ہاں یہی تو ایک فائدہ ہے یادوں کا کہ یہ آپ کو تب بھی آپ کے محبوب سے ملوا دیتی ہیں"

" جب وہ آپ کے پاس بھی نہ ہو

فرزانہ نے بھی اور یا کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ ہماری یادوں کو سنبھال کر رکھیے گا جان اوریا۔۔میں جلد ہی لوٹوں گا پھر ہم نکاح"

" کریں گے

اوریا مسکرایا اور فرزانہ کے چہرے پر اپنا ہاتھ رکھا

" ایک سال بعد جب آپ لوٹیں گے مجھے بھول تو نہیں جائیں گے نا"

فرزانہ نے اپنا ہاتھ اوریا کے چہرے پر رکھتے ہوئے کہا تو اوریا نے فرزانہ کا ہاتھ پکڑ لیا اور اس کے ہاتھ کا بوسہ لیا

اگر آپ کو میرے اس بوسے سے ٹپکنے والے پیار اور محبت کے کھرے اور سچے ہونے کا"

یقین تو اس بوسے کی قسم میں آپ کو کبھی بھولنے کا سوچ بھی نہیں سکتا۔۔۔آپ تو ہمیشہ میرے ساتھ رہو گی کبھی ہوا بن کر اور کبھی بادصبا بن کر اور کبھی میرے لبوں کی دعا بن

"کر اور کبھی میرے جگر کی دوا بن کر۔۔

اوریا نے فرزانہ کے چہرے کی طرف دیکھا

مجھے بھروسہ ہے آپ پر، آپ کے اس بوسے پر اور اس بوسے سے ٹپکنے والے پیار اور"

محبت پر۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مجھے بھروسا ہے آپ کے عشق پر، مجھے بھروسہ ہے آپ کی ذات پر۔۔

" مجھے یقین ہے کہ آپ جہاں بھی جائیں گے ہمارا عشق آپ کے ساتھ ہمیشہ بھٹکتا رہے گا

فرزانہ نے اوریا کی آنکھوں میں دیکھا جو اب نم ہو چکی تھیں۔۔

میں بھی آپ کو بہت یاد کروں گا۔۔۔"

دن چڑھتے ہوئے دھندلکے میں آپ کو تلاش کروں گا۔۔اور پھر جب آفتاب چڑھنے لگے گا تو اس آفتاب کے ظہور میں آپ کا ظہور دیکھوں گا اور پھر بادصبا ہے ناوہ آپ کا لمس مجھ تک پہنچائے گی اور پھر جب سورج سر پر آئے گا اور مجھے پسینے سے نہلائے گا تو میں سمجھوں گا کہ آپ کے حسن کی آب وتاب ہے جس نے مجھے ہر خلیے سے جھنجھلا کر رکھ دیا اور پھر ڈھلتا سورج میری آپ سے آنکھیں چار کرائے گا کیونکہ جب آپ ڈھلتے سورج کو دیکھو گی اسی وقت میں بھی سورج کو دیکھ رہا ہوں گا۔۔

اور پھر رات کے یہ تارے آسمان پر روشنی کے دھارے آپ کے حسن کی بارش ساری

" دھرتی پر کر کے مجھے بھی اس روشنی میں ضم کر دیں گے

اوریا نے نم آنکھوں سے فرزانہ کو دیکھ کر کہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ساتھ بیتایا ہر لمحہ پھر سے دہراؤں گا وصل سے جدائی تک اور پھر جدائی سے وصل تک "

اوریا کی بات سن کر فرزانہ رو دی تھی۔۔۔

اتنا پیار کرتے ہو آپ مجھ سے "

یہ پیار یہ عشق میری رگ رگ میں زندہ رہے گا اور میرے خون کے ساتھ ہر وقت

گردش کرے گا۔۔

" یہ دل کے ساتھ دھڑکے گا اور جگر کے ساتھ مچلے گا

فرزانہ نے اوریا کے آنسو صاف کیے تو اوریا نے فرزانہ کو گلے لگا لیا۔۔

" میرے جانے کا وقت ہوا جاتا ہے فرزانہ "

اوریا نے مدھم سی آواز سے کہا تو فرزانہ نے آخری نگاہ اوریا پر ڈالی۔۔۔

پھر اوریا نے فرزانہ کو دیکھتے ہوئے خود کو فرزانہ سے الگ کیا۔۔

پھر اوریا فرزانہ سے دور ہونے لگا تو فرزانہ نے اوریا کا ہاتھ تھام لیا۔۔

وہ دونوں رو رہے تھے

" مجھے جانا ہو گا فرزانہ "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اوریا نے روتے ہوئے کہا

" چلے جایئے مگر لوٹ کر آیئے گا خدا حافظ "

فرزانہ نے اپنا ہاتھ دھیرے سے چھڑوایا۔۔

" میں لوٹ کر آؤں گا انشاءاللہ خدا آپ کا بھی ہامی ہو جان اوریا"

اوریا نے اپنا ہاتھ فرزانہ سے دور کیا اور آخری نگاہ فرزانہ پر ڈالی۔۔

فرزانہ نے بھی اوریا کو دیکھا۔۔۔

پھر وہ دونوں ایک دوسرے سے الگ ہو گئے۔۔۔

شہزادہ اوریا ملک مہیب کے بادشاہ سلطان مغیب کا بیٹا تھا۔۔ سلطان مغیب کے دو بیٹے تھے

۔۔

اوریا اور سرمد۔۔ دونوں جڑواں تھے مگر حالات نے دونوں بھائیوں کو ایک دوسرے سے

بچپن میں ہی الگ کر دیا۔۔

سلطان مغیب کی اپنی بیوی سے بن نہ سکی اور باہم چپقلش طلاق تک آ گئی۔۔ آخر کار

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دونوں بھائیوں میں سے اوریا ماں کے ساتھ چلا گیا اور سرمد باپ کے پاس۔اوریا کی ماں رقیہ نے دوسری شادی کرلی مگر اس کا دوسرا شوہر بھی اللہ کو پیارا ہو گیا۔۔حالات کے اتار چڑھاؤ نے سلطان مغیب اور رقیہ کو پھر سے ملا دیا اور دونوں بھائیوں کو بھی۔۔۔

پھر رقیہ اور مغیب نے دوبارہ شادی کرلی کیونکہ سلطان مغیب بھی اپنی دوسری بیوی سے الگ ہو چکے تھے۔۔رقیہ نے وجہ پوچھی تو سلطان مغیب نے ٹال دیا۔۔۔

ان کی دوسری شادی کے بعد وہ سب اکٹھے رہنے لگے تھے۔۔اوریا چونکہ گاؤں کے ماحول میں پلا بڑھا تھا تو اپنے بھائی سرمد سے بہت مختلف تھا۔۔سرمد کی مرضی کے مطابق اس کا نکاح ہو گیا تھا۔۔سرمد ہر قسم کی جنگی ہنر مندی جانتا تھا مگر اوریا کے لیے سلطان مغیب نے یہ شرط رکھی کہ تمہاری شادی اس وقت تک نہیں ہو گی جب تک تم جنگی مہارت اور ہنر مندی سیکھ نہیں لیتے۔۔۔

اسی لیے سلطان مغیب نے اوریا کو ایک اعلیٰ تربیتی گرو کے پاس بھجوانے کا سوچا۔۔۔

اسی مقصد کے لیے اوریا ایک قافلے کے ساتھ روانہ ہو گیا۔۔۔



Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خنصہ نے شربت جو نہی پیا تو وہ اسے پیتی ہی گئی مگر پھر ایک دم لرز گئی۔۔اسکا وجود کانپنے لگا ۔۔چہرہ لال سرخ۔۔کانوں اور ناک سے دھواں نکلنے لگا۔۔آنکھ اشکبار۔اس کے پیر زمین پر ٹک نہیں رہے تھے کیونکہ یہ وہی شربت تھا جو اس نے ملکہ نور صبح کے لیے بنایا تھا۔۔۔

پھر اس شربت کی ترش روی کی تاب نہ لاتے ہوئے زمیں پر گر کر ڈھیر ہو گئی۔۔۔

ایک ملازمہ کچھ دیر بعد خنصہ کے کمرے میں آئی تو سامنے فرش پر اسے بے سدھ ہو کر چیخنے لگی

💔💔💔💔💔💔💔💔💔💔

رات کا اندھیرا چھا چکا تھا۔۔عمرو نے کچھ لکڑیاں اکٹھی کیں اور ان کو آگ لگا کر روشنی کی اور پھر عمرو اور ویرنیکے اس کی روشنی میں زمین پر بیٹھ گئے۔۔۔

"! کتنا بڑا دل ہے آپ کا"

ویرنیکے نے آگ کی طرف دیکھ کر کہا

" ان پنچھیوں کی قسمت میں جانا لکھا تھا"

عمرو نے مسکرا کر کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پنچھی تو ایسے ہی ہوتے ہیں بے گھر۔۔۔ان کا کوئی ٹھکانہ نہیں ہوتا بس ایک جگہ سے "

"دوسری جگہ جاتے ہی رہتے ہیں۔۔

ویر نیکے بھی مسکرائی

" ویسے آپ کافی بہتر ہو گئے ہیں اب"

ویر نیکے نے کہا

" ہو گیا ہو بس سینے میں ایک درد سا ہونے لگا ہے اب"

عمرو نے مسکرا کر کہا

" اس چوٹ کا درد"

ویر نیکے نے استفہامیہ انداز سے پوچھا

" نہیں یہ درد اس چوٹ کا نہیں ہے"

عمرو نے مسکرا کہا

"تو پھر کیسا درد ہے؟؟"

ویر نیکے نے حیرانگی سے کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" نہیں نہیں کوئی درد نہیں میں یونہی کہہ رہا تھا"

عمرو مسکرایا۔۔

" اچھا میں چلتی ہوں کل پھر آپ کا حال پوچھنے آؤں گی"

ویر نیکے اٹھ گئی اور مسکرا کر وہاں سے چلی گئی۔۔

عمرو اسے جاتے ہوئے دیکھنے لگا۔۔

💖💖💖💖💖💖💖💖

"ہاں اپنے آدمی بھجوائے ہیں میں نے وہاں شاہی محل۔۔۔"

چودھری شجاعت کچھ دوسرے آدمیوں سے بات کر رہا تھا۔۔۔

سلطان سبکتگین کی اتنی ہمت کہ ہمارے گاؤں کے دو منکروں کو پناہ دی۔۔ان دو"

بے حیاؤں کو تو پھانسی کے پھندے پر لٹکا دینا چاہیے تھا مگر اس نے ان کو پناہ دی۔۔میں

" اسے اس سب میں کامیاب نہیں ہونے دوں گا

چودھری شجاعت ایک بھاری اور بارعب شخصیت کا مالک تھا۔۔اس کی بڑی بڑی مونچھیں

جو اس کی شکل کو خوفناک بنا رہی تھیں۔۔اور دیے کی روشنی میں رات کے اس پہر وہ اور

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھی ہولناک دکھائی دے رہا تھا

" ٹھیک کیا آپ نے حضور ان دونوں بے حیاؤں کو اپنی بے حیائی کی سزا ملنے چاہیے "

اس کے سامنے بیٹھے آدمیوں میں سے ایک نے کہا

بالکل صحیح کہا ہم عرصہ دراز سے اپنے گاؤں کی روایات کو برقرار رکھے ہوئے ہیں لڑکی "

کی شادی اس کے ماں باپ کرتے ہیں اور لڑکا بھی اپنی ماں باپ کی مرضی کا پابند ہوتا ہے

مگر ان دونوں منکروں نے ہماری روایات کو توڑا۔۔

ان کو پناہ دینے والا بھی ہمارا دشمن ہے۔۔

میرے آدمی عائشہ کو لے آئیں گے اور پھر اس کا مجنوں اس کے پیچھے ہی چلا آئے گا۔۔۔

" ہاہاہا

چودھری شجاعت کھلکھلا کر ہنسنے لگا

پھر اس نے جلتے دیے کے اوپر ہاتھ رکھا اور پھر ہاتھ سے ہوا دے کر اسے ہلانے کی کوشش

کی مگر وہ دیا نہ بجھا

یہ دیا اس بات کی دلیل ہے کہ ہم کامیاب ہوں گے "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ہاہاہاہا

چودھری شجاعت شیطانی انداز سے ہنس رہا تھا

💖💖💖💖💖💖💖💖

سبکتگین، ملکہ نور صبح اور زرین کچھ شاہی ملازموں کے ہمراہ بے سدھ خنصہ کو لے کر

حکیم کے مطب جا پہنچے اور حکیم اس کا علاج کرنے لگا۔۔

محل میں عائشہ کچھ پہرے داروں کے ساتھ تھی باقی سارا محل خالی تھا۔۔

کچھ نقاب پوش آئے اور شاہی محل کے باہر موجود سپاہیوں کے سر پر زور سے لاٹھی ماری۔

وہ دونوں بے ہوش ہو گئے۔۔۔۔

پھر وہ نقاب پوش محل کے اندر بڑھے اور آخر کار عائشہ کے کمرے تک جا پہنچے وہ دیے کی

روشنی کیے اکیلی کمرے میں سو رہی تھی جب ان نقاب پوشوں نے غصے سے اسے جھنجھوڑا

۔۔۔

پھر وہ اسے گھسیٹتے ہوئے وہاں سے لے جانے لگے۔۔

عائشہ چیخنے لگی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کوئی نہیں ہے یہاں لڑکی کوئی نہیں۔۔۔"

"سب محل سے باہر گئے ہوئے ہیں ہاہاہاہا

ان نقاب پوشوں میں سے ایک چیخا

سارے ملازم بھی سو رہے ہیں اور پہرے داروں کو بھی ہم نے بے ہوش کر دیا تھا۔۔۔"

سپاہی توسپہ خانے میں ہیں۔۔

" ہاہاہاہا

عائشہ چیخے جا رہی تھی مگر ان پر کوئی اثر نہیں پڑ رہا تھا

وہ اسے گھسیٹ کر محل سے باہر نکل گئے

💖💖💖💖💖💖😂

جبران کے ذمے سبکتگین نے ایک کام لگا رکھا تھا وہ رات کو قریبی شہر میں گردش کرتا تھا

اور عوام الناس کے احوال جانتا۔

وہ ان کے دروازوں کو کان لگا کر سنتا اور پھر سبکتگین چوری چھپے ان کے مسائل کے حل

کے لیے ان کی مدد کر دیتا۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سبکتگین خود یہ سب کرنا چاہتا تھا مگر پیر کے کٹ جانے کی وجہ سے وہ زیادہ چل نہیں پاتا تھا۔۔۔اور جو چلتا تھا وہ بھی عصا کے سہارے۔۔

گردش کر کے جبران شاہی محل لوٹا تو اس نے کچھ نقاب پوشوں کو دیکھا جو کسی لڑکی کو اٹھا کر گھوڑے پر باندھ رہے تھے

"یہ کون ہیں؟؟"

جبران کو تعجب ہوا وہ آگے بڑھا

نقاب پوشوں نے اس لڑکی کو باندھا اور گھوڑوں پر سوار ہو گئے۔۔۔

جبران آگے پہنچا تو اس لڑکی کو چہرہ دیکھ کر اس کے ہوش اڑ گئے کیونکہ وہ لڑکی کوئی اور نہیں اس کی محبوبہ عائشہ ہی تھی

" عائشہ عائشہ "

جبران چلایا اور ان گھڑ سوار نقاب پوشوں کے پیچھے دوڑا۔۔۔

" عائشہ "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" جبران"

جبران کو دیکھ کر عائشہ کی آنکھوں میں بھی ایک چمک آگئی۔۔۔

" میں کچھ نہیں ہونے دوں گا عائشہ "

جبران زور سے چیخا۔۔

مگر اس کی آواز عائشہ تک نہ پہنچ سکی کیونکہ بہت فاصلہ تھا۔

جب تعلق دل سے ہو تو جتنے مرضی فاصلے ہوں ایک دل سے آواز دوسرے دل تک بنا کسی رکاوٹ کے چلی جاتی ہے۔۔

یہ کون لوگ ہیں؟؟اور کیوں میری عائشہ کو یوں لے کر جا رہے ہیں...اور میں کہا کیا کروں؟!

""کیسے بچاؤں عائشہ کو؟؟

جبران خود سے مخاطب تھا

گھڑ سوار بہت دور جا چکے تھے

"میرے پاس تو کوئی سواری بھی نہی اور وہ کافی دور ہیں میں عائشہ کو کیسے بچاؤں؟؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جبران کافی پریشان تھا

یاخدا! یااللہ! تیرے سامنے عشق بکھرا جارہا ہے۔۔یااللہ! اس عشق کو بکھرنے سے بچا"

لیجیے۔۔

میری مدد فرمایئے۔۔

" میری مدد فرمایئے

وہ رک ہی دل میں دعائیں مانگ رہا تھا۔

اب تک گھڑ سوار اس کی نظروں سے اوجھل ہو چکے تھے۔۔

💖💖💖💖💖💖💖💖

" انہیں صبح تک ہوش اجائے گا"

حکیم نے گیلی پٹی خنصہ کے ماتھے پر لگاتے ہوئے کہا۔۔۔

" میں نے کچھ جڑی بوٹیاں کھلائی ہیں جو بدن میں تیزابیت کو کم کردیں گی"

حکیم نے تفصیل بتائی

" لیکن حکیم صاحب انہیں ہوا کیا تھا"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سبکتگین نے دریافت کیا

" انہوں نے کچھ برا کھالیا تھا جس کی وجہ سے جسم میں تیزابیت ہو گئی"

حکیم صاحب نے بتایا تو سبکتگین نور صبح اور زرین ایک دوسرے کو دیکھنے لگیں۔۔

ایسا کیا کھلا دیا میری بیٹی کو؟؟"

ہائے! تمہارے گھر کے نوکروں نے ہی یہ کیا ہو گا؟؟

"!میری بیٹی!؛

زرین چلانے لگیں۔۔

میں کہتی تھی کہ خنصہ ادھر مت جانا مگر اس نگوڑی کو میری بات ہی سمجھ نہیں آتی"

" اب نہ جانے میری بیٹی کو کیا کھلوا دیا

دیکھیے پھوپھو ہم آپ کی بات سمجھ رہے ہیں۔۔"

" اور مجھے اور امی کو آپ کی بیٹی کو کچھ کھلانے کی کوئی ضرورت نہیں

سبکتگین نے عصا سے خود کو سہارا دیتے ہوئے کہا

"ہائے تو فرشتوں نے کھلا دیا کچھ میری بیٹی کو ہائے میری پھول جیسی بیٹی۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

زرین ماتھا پیٹنے لگیں۔۔

"پھوپھو اب آپ کچھ زیادہ ہی بول رہی ہیں۔۔"

سبکتگین کچھ اور بولنے لگا تھا کہ نور صبح نے اسے چپ کرا دیا۔۔

سبکتگین بیٹا آپ چپ رہیے۔۔"

بڑی ہیں وہ آپ کی۔۔۔

ہمارا اللہ گواہ ہے کہ ہم نے کچھ نہیں کھلایا ان کو۔۔

کسی ملازم سے کوئی غلطی ہو گئی ہو گی یا پھر کچھ اور۔۔۔

" زرین بہن سارا الزام مجھ پر اور میرے بیٹے پر مت ڈالیے

ملکہ نور صبح نے غصے سے کہا۔۔

سبکتگین پھر کچھ بولنے لگا تھا تو نور صبح نے پھر اسے روک دیا۔۔

سبکتگین بیٹا آپ اب محل واپس جایئے۔۔۔"

" ہمارے قاضی اور وزیر بھی آج یہاں نہیں تو آپ کو جانا چاہیے

نور صبح نے سبکتگین سے کہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" لیکن اماں"

لیکن کچھ نہیں میں یہاں ہوں اور آپ صبح آجایئے گا یہاں ہمیں لینے اور تب تک خنصہ "

" کو بھی ہوش آجائے گا اور پھر ہو گا دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی

ملکہ نور صبح کے کہنے پر سبکتگین اپنا عصا کو ٹیکتا ہوا وہاں سے باہر نکل گیا۔۔

باہر چار سپاہی مطب کی رکھوالی کر رہے تھے۔۔

سبکتگین کو دیکھ کر انہوں نے سلام کیا تو سبکتگین نے جواب دیا۔

پھر ان سپاہیوں میں سے دو سپاہی آگے بڑھے اور سبکتگین کے پاس آگئے۔۔

سبکتگین عصے کے ساتھ سہارا لیتے ہوئے پاس کھڑے گھوڑے پر چڑھا۔۔ پھر دونوں

سپاہی بھی پاس کھڑے گھوڑوں پر چڑھے اور پھر وہ تینوں روانہ ہو گئے اور باوجود دو سپاہی

وہیں رہ گئے

💔💔💔💔💔💔💔💔

شہزادہ اوریا اپنی منگیتر فرزانہ کو چھوڑ کر قافلے کے ساتھ روانہ ہو گیا۔۔ قافلہ رات کو ہی

نکل پڑا تھا۔۔۔ قافلے میں کئی طرح کے لوگ تھے۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امیر غریب سبھی لوگ ادھر تھے۔۔۔اور یانے بھی اپنی پہچان ادھر سب سے چھپالی تھی کہ وہ ایک شہزادہ ہے۔۔اس کے پاس ایک گھوڑا تھا جس پر وہ سوار ہو کر اس قافلے کے ساتھ رواں تھا۔۔

آدھی رات کا وقت تھا جب قافلے کے اکثر لوگوں کو نیند آرہی تھی تو قافلے کو ایک جگہ پڑاؤ ڈالنا پڑا۔۔

اور یانے اپنے گھوڑے کو ایک درخت کے ساتھ باندھا اور درخت کے ساتھ بندھی ایک پوٹلی میں سے کچھ انگور نکالے اور کھانے لگا۔۔

دوسرے لوگ بھی اپنی سواریوں سے اتر کر اپنے راحت و آرام کا سامان کرنے لگے۔۔۔

کچھ پیدل لوگ بھی تھے جن کے پاس سواریاں نہیں تھیں وہ بھی اپنے تھیلوں سے اپنے کھانے کی اشیاء نکال کر ان سے لطف اٹھانے لگے۔۔

سارا قافلہ بعام نوش کر کے وہیں پر گہری نیند سو گیا۔۔۔

" فرزانہ "

اور یانے آنکھ بند کرتے ہوئے فرزانہ کا نام لیا اور پھر آنکھیں میٹ لیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جو نہی جبران اللہ سے دعا مانگ رہا تھا اسی لمحے اسے گھوڑوں کے ٹاپوں کی آواز سنائی دی تو وہ گبھرا گیا اس نے مڑ کر دیکھا تو سلطان سبکتگین اپنے کچھ سپاہیوں کے ہمراہ چلے آرہے تھے

--

جبران کو وہاں کھڑا دیکھ کر سبکتگین نے اپنا گھوڑا اس کے پاس روکا

"کیا ہوا جبران؟؟ یہاں کیسے کھڑے ہو؟؟"

سبکتگین نے حیرت سے پوچھا

"حضور۔۔۔"

جبران نے ساری بات تفصیل سے بتائی۔۔۔

" یہ ہمارا گھوڑا لیجیے اور جایئے اپنی عائشہ کو بچایئے ہم بھی آپ کے پیچھے چلے آرہے ہیں"

سبکتگین نے اپنے گھوڑے سے عصے کے ساتھ سہارا لیتے ہوئے اترتے ہوئے کہا۔

" شکریہ حضور"

جبران نے سلام کیا اور گھوڑے پر چڑھ کر اسے دوڑانے لگا۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سبکتگین محل پہنچا تو اندر کی حالت دیکھ کر ششدر رہ گیا۔۔

سارے پہرے دار اور سپاہی گہری نیند سو رہے تھے۔۔

اندر گئے تو ملازموں کا بھی یہی حال تھا

" انہیں نیند کی دوا کھلائی گئی ہے "

سبکتگین نے سپاہیوں سے کہا

پھر اسطنبل سے ایک گھوڑا پکڑ کر اس پر سوار ہو گیا اور اپنے سپاہیوں کے ہمراہ اسی راستے پر

روانہ ہو گیا جس پر جبران ہوا تھا۔۔

یہ شخص عائشہ کے لیے اتنا پریشاں ہے۔۔۔"

" کوئی بھی محبت کرنے والا شخص ہی اپنے محبوب کے لیے اتنا پریشاں ہوتا ہے

سبکتگین نے گھوڑا دوڑاتے ہوئے جبران کی حالت کے بارے میں سوچا

💔💔💔💔💔💔💔💔

جبران برق رفتاری سے گھوڑا دوڑا رہا تھا اور تھوڑی ہی دیر بعد اس نے ان نقاب پوشوں کو

آلیا۔۔وہ ابھی زیادہ دور نہیں پہنچے تھے۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جبران تیز گھوڑا دوڑاتے ہوئے ان کے قریب پہنچنے کی کوشش کر رہا تھا مگر جونہی وہ قریب جاتا وہ گھڑ سوار اور دور ہو جاتے۔۔۔

ایک گھڑ سوار کی نظر جبران پر پڑی تو اس نے چلا کر باقی سب کو مطلع کیا۔۔

پھر وہ گھڑ سوار آپس میں کچھ باتیں کرنے لگے۔۔

جبران بدستور گھوڑا دوڑا رہا تھا۔۔



سبکتگین بھی اپنے سپاہیوں کے ہمراہ اسی راستے پر رواں تھا لیکن وہ سب جبران سے کافی پیچھے رہ گئے تھے۔۔۔ لیکن پھر بھی سبکتگین نے ہمت نہ ہاری وہ بدستور گھوڑا دوڑا رہا تھا



جبران اور وہ گھڑ سوار گھڑا دوڑاتے ہوئے ایک جنگل تک پہنچ گئے۔۔ وہ نقاب پوش جنگل میں داخل ہوئے۔۔ جبران بھی ان کے پیچھے داخل ہوا مگر اگلا لمحہ چکرا دینے والا تھا کیونکہ وہ نقاب پوش نہ جانے کہاں غائب ہو گئے تھے۔۔

میں جہاں بھی رہوں رہوں یار کے پاس

میرا یار مجھ میں میں اس میں سموجے

میرا یار مجھ میں رہتا ہے

یہ عشق تجھ کو ہوا ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں مرنا چاہوں یار کے در پر

میں جینا چاہوں یار کے گھر پر

چاہے گدا بنا لے چاہے آقا مجھ کو

سامنے رہوں بس یار کے ہر پل

بس عشق میرا پیشوا ہے

یہ عشق تجھ کو ہوا ہے

💔💔💔💔💔💔💔💔💔

عمرو گھر آیا تو اس کی ماں نے کھانے کے دوران اس سے ویرنیکے سے متعلق بات کرنا چاہی

مگر عمرو نے بات ٹال دی۔وہ ویرنیکے کی وجہ سے پریشان تھا۔۔۔

کھانا کھا کر اپنے کمرے میں آ گیا۔۔

"کہیں میری یہ بات ویرنیکے کو بری تو نہیں لگ گئی۔۔۔۔

کیا اس نے مجھے کوئی غلط سمجھ لیا"

وہ اپنے کمرے میں بیٹھا چھت کو گھور رہا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"میں نے تو اظہار محبت کیا مگر وہ بنا جواب دیے اداس ہو کر چلی گئیں۔۔۔"

عمرو اداس ہو گیا۔۔۔

"اگر مجھے معلوم ہوتا کہ میرا اظہار محبت اسے اتنا برا لگے گا تو میں کبھی ایسا نہ کرتا میں اپنی محبت کو اپنے دل میں دفن کر لیتا۔۔

اپنی آرزوں کے گلے گھونٹ دیتا۔۔۔

کاش! میں اظہار محبت نہ کرتا۔۔"

عمرو کی آنکھوں سے آنسو نکلنے لگا

پہلے سارے جگ میں بھٹکتا ہے عشق

اور پتی آگ کی طرح بھڑکتا ہے عشق

گر بھا جائے کسی کی تابانی من کو تو

ہر اک رگ میں نس میں پھدکتا ہے عشق

سارے وجود کی یہ صدا ہے

یہ عشق تجھ کو ہوا ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ سارا جہاں مجھ کو اب نہ سوجھے

میرا ذہن اس جہاں میں میرا یار کھوجے

میں جہاں بھی رہوں رہوں یار کے پاس

میرا یار مجھ میں میں اس میں سموجے

میرا یار مجھ میں رہتا ہے

یہ عشق تجھ کو ہوا ہے

میں مرنا چاہوں یار کے در پر

میں جینا چاہوں یار کے گھر پر

چاہے گدا بنا لے چاہے آقا مجھ کو

سامنے رہوں بس یار کے ہر پل

بس عشق میرا پیشوا ہے

یہ عشق تجھ کو ہوا ہے



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آج ملک شہلا کے شاہی محل میں عجیب رونق تھی۔۔۔کوئی بہت بڑا جشن ہونا والا تھا کہ جس میں ہر اعلیٰ ادنیٰ کو دعوت تھی اور قریبی شہروں کا ہر امیر ہر غریب چلا آرہا تھا۔۔۔

شاہی محل کے پہرے دار اور سپاہی ان سب کا پر جوش استقبال کرتے اور ان پر پھول برساتے۔۔

ملک کے سلطان سلطان سبکتگین بال کٹوانے شاہی حمام گئے ہوئے تھے۔۔شاہی حمام بھی عمدہ انداز سے ان کی بال کاٹنے اور داڑھی کے خط بنانے میں مصروف تھا۔۔

سلطان سبکتگین بھی آج بہت خوش دکھائی دے رہے تھے

"آج خدا کے فضل سے میں دو محبت کرنے والوں کو ملادوں گا"

وہ دل ہی دل میں سوچ سوچ کر مسکرا بھی رہے تھے

"مجھے تو میری محبت نہ مل سکی مگر میں کسی دوسرے کے ساتھ ایسا نہ ہونے دوں گا

آج ملجب جبران اور عائشہ کا نکاح ہو گا تو مجھے ویسے ہی خوشی ہو گی جیسے میں نے اپنی محبت پالی ہو۔۔۔

ساری محبتوں کی بنیاد تو وہی ایک ہے پھر یہ جس بھی شخص کو ملے اس سے کیا فرق پڑتا ہے ۔۔۔۔اگر وہ چیز جو میں نہ پا سکا میں نے کسی اور کو دلوادی تو میرے لیے یہ بڑے اعزاز کی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بات ہے"

وہ سوچ رہے تھے۔۔

بال کٹوانے کے بعد سلطان سبکتگین نے خوبصورت لباس زیب تن کیا اور آئینے میں خود کو دیکھنے لگے۔۔

"یااللہ! تیرا شکر ہے کہ آج یہ دن آیا کہ میں دو محبت کرنے والوں کو ملانے کا باعث بننے جارہا ہوں"

سلطان سبکتگین نے مسکرا کر کہا پھر اپنے بال بنانے لگے۔۔۔

پھر اچانک کمرے کے دروازے پر دستک ہوئی اور ملکہ نور صبح اندر آ گئیں

"ماشاءاللہ ماشاءاللہ

ہمارے فرزند آج بہت ہی خوبصورت لگ رہے ہیں"

ملکہ نور صبح نے سلطان سبکتگین کا ماتھا چومتے ہوئے کہا

"آپ کا ہی فیض ہے امی جان"

سلطان سبکتگین نے اپنی ماں کا ہاتھ چومتے ہوئے کہا۔۔

"بیٹا دلہن تیار ہے آپ جبران کا پتا کیجیے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پھر نکاح پڑھوایا جائے"

ملکہ نور صبح نے کہا تو سلطان سبکتگین اثبات میں سر ہلا کر باہر نکل گئے



دوپہر کا وقت تھا۔۔سورج سر پر آیا ہوا تھا اور ایسے برس رہا تھا جیسے کہ برسنے کا حق یو۔۔۔

ہر کوئی دھوپ میں تپ رہا تھا۔۔۔

اور خصوصاً وہ غلام جو لوہے کی سلاخوں والی گدھا گاڑی میں بند تھے۔

لوہا زیادہ جلدی گرم ہو جاتا ہے اور کسی ٹھمڈی چیز کو گرم بھی زیادہ جلدی کر دیتا۔۔

ان غلاموں کا برا حال تھا۔

انہیں بیچنے کے لیے منڈی میں لایا گیا تھا۔۔۔

پھر انہیں گدھا گاڑی سے نکلنے کو کہا گیا اور بیچ چوراہے کے سب کو کھڑا کر دیا گیا۔۔۔

ان مسافروں میں مرد بھی تھے عورتیں بھی اور بچے بھی۔۔جوان بھی اور بوڑھے بھی

۔۔۔

بچے اور بوڑھے سستے مل جاتے تھے۔۔

مگر جوان مرد اور عورتوں کی قیمتیں نسبتاً زیادہ ہوا کرتی تھیں۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نئے غلاموں کا پٹاڑا کھلا تو خریدنے والوں کا بھی ہجوم آ پہنچا

عورتوں اور مردوں کا کاروبار ہاتھوں ہاتھ ہونے لگا۔۔وہ جو بوڑھے تھے جن میں کام کرنے کی قوت کم تھی ان کے گاہک نسبتا کم تھے اور وہ بچے جو ابھی ننھے پھول تھے جنھیں حالات سے نبٹنا نہیں آتا تھا ان کی فروخت بھی نسبتا کم تھی۔۔۔

"میں اس جوان کو خریدوں گا"

ایک بارعب آدمی نے شہزادے اوریا کی طرف اشارہ کیا۔۔۔

"کتنا لگاؤ گے"

غلاموں کو بیچنے والے نے پوچھا

ابھی وہ آدمی قیمت بولنے ہی لگا تھا کہ ایک عورت وہاں آئی

"یہ لڑکا مجھے دے دو"

"بولی لگائیں محترمہ"

غلام بیچنے والا بولا

"سو اشرفیاں"

عورت نے اوریا کے خوبصورت چہرے کی طرف دیکھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اتنی زیادہ اشرفیاں ویسے اس نوجوان کی بنتی بھی ہیں"

غلام بیچنے والے نے دل میں کہا

"میں اس کی پانچ سو اشرفیاں دوں گا"

وہ رعب دار آدمی بولا تو غلام بیچنے والا دنگ رہ گیا

"پانچ سو اشرفیاں"

غلام بیچنے والا اور وہ عورت ایک دم بولے

"ہے کوئی جو اس سے زیادہ دے"

وہ بارعب آدمی بولا مگر ہجوم میں سے کوئی آگے نہ بڑھا تو اوریا کو اس آدمی کو بیچ دیا گیا

اس زمانے میں مہنگے سے مہنگا غلام بھی دو سو اشرفیوں کا ملتا تھا مگر پانچ سو اشرفیاں خود اوریا کو بھی حیران کر رہی تھیں۔۔۔

نہ چاہتے ہوئے بھی اوریا کو اس شخص کے حوالے کیے ہی جانے لگا تھا کہ ایک دم وہ عورت بولی

"ایک ہزار اشرفیاں"

غلام بیچنے والے نے فوراً پانچ سو اشرفیاں اس بارعب آدمی کو لوٹائیں اور عورت سے لین

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دین کرنے لگا

"اتنا حسین لڑکا یونہی نہ جانے دوں میں"

وہ عورت مسکرائی اور ایک ہزار اشرفیاں دینے لگی۔۔

بارعب آدمی کھا جانے والی نظروں سے غلام بیچنے والے اور عورت کو دیکھ رہا تھا

پھر اور یا اس عورت کے پیچھے چلنے لگا

پہلے سارے جگ میں بھٹکتا ہے عشق

اور تپتی آگ کی طرح بھڑکتا ہے عشق

گر بھا جائے کسی کی تابانی من کو تو

ہر اک رگ میں نس میں پھدکتا ہے عشق

سارے وجود کی یہ صدا ہے

یہ عشق تجھ کو ہوا ہے

"کافی خوبصورت ہو تم اور اپنے حسن پر اتراتے بھی ہو گے۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چلتے ہوئے عورت نے اوریا سے کہا مگر اوریا نے جواب نہ دیا۔۔۔

"مگر اب اترانے کی ضرورت نہیں کیونکہ اب تم ایک غلام ہو"

اوریا کے جواب نہ دینے پر عورت کو غصہ آگیا

"حسن خدا کی مرضی ہوتی ہے وہ جسے چاہے عطا کر دیتا ہے مگر یہ حسن تو آخر میں زمیں بوس ہی ہو جایے گا"

اوریا نے مسکرا کر جواب دیا۔

غلامی کی عادت نہیں تھی۔۔۔

اوریا کی بات ہر عورت چپ ہو گئ

"عیش و عشرت اور جام پسند ہیں کیا"

تھوڑی دور جا کر عورت نے پھر پوچھا

"خدا نے میانہ روی سے زندگی گزارنے کا حکم دیا ہے"

اوریا نے کہا

"تمہیں معلوم ہے میں نے تمہیں کیوں خریدا اور وہ بھی اتنی بھاری قیمت سے"

عورت نے غصے سے کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"نہیں۔۔۔ویسے غلاموں کو تو کام کروانے کے لیے خریدا جاتا ہے"

اوریانے حیرت سے کہا

"مگر میرا مقصد کچھ اور ہے"

عورت شیطانی انداز سے ہنسی

"تم جلد ہی سمجھ جاؤ گے"

اوریا شاید عورت کی ہنسی بھانپ گیا تھا تو اسے یہ ہنسی ایک خدشے میں مبتلا کر گئی

یہ ایک چھوٹی سی بستی تھی جو ایک پہاڑ کے دامن میں تھی۔۔یہ چستی ملک مہیب اور ملک شہلا کے درمیان تھی اور دونوں کا حصہ نہیں تھی اس لیے یہاں غلاموں کی خرید و فروخت عام تھی ورنہ ملک شہلا اور مہیب میں اس کی سخت ممانعت تھی۔۔۔

💖💖💖💖💖💖💖💖

عمرو اور ویرنیکے کا رشتہ طہ ہونے جا رہا تھا اور اس سلسلے میں دونوں کے ایل خانہ نے ایک تقریب مقرر کی تھی جس میں ان کی بستی کے کافی لوگوں نے شرکت کی تھی۔۔۔

یہ تقریب عمرو کے گھر میں منعقد ہو رہی تھی۔۔ویرنیکے اور عمرو نے اس رشتے سے منسلک ہونے کے لیے بھرپور رضامندی کا اظہار کر دیا تھا اور ان کے گھر والے بھی اس

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رشتے سے رضامند تھے۔۔۔

مردوں اور عورتوں کو الگ الگ بٹھایا گیا تھا اور پھر نکاح کی تاریخ طہ کی گئی

ٹھیک ایک ہفتے بعد نکاح کی تاریخ رکھی گئی اور پھر سب کو گڑ اور چاول کا بنا مڑونڈا کھلایا گیا

۔۔پھر سارے گاؤں کے لوگ رخصت ہو گئے

)کچھ روز پہلے ایسا کیا ہوا کہ عمرو اور ویرنیکے کے درمیان وہ نفرت ختم ہو گئی اور رشتہ طہ

ہو گیا حالانکہ ویرنیکے تو عمرو کے اظہار محبت ہر روٹھ کر چلی گئی تھی۔۔۔

آیئے دیکھتے ہیں کہ

کچھ روز پہلے۔۔۔۔۔

ویرنیکے عمرو کو وہیں کھیتوں میں چھوڑ کر دوڑتی ہوئی اپنے گھر لوٹ آئی۔۔۔

بی بی صفوفہ نے ویرنیکے کو دیکھا تو اس کی حالت دیکھ کر پریشان ہو گئی کیونکہ ویرنیکے کافی

پریشان دکھائی دے رہی تھی۔۔۔۔

"کیا ہوا بیٹا؟؟ تم ٹھیک ہو"

بی بی صفوفہ نے اسے گلے لگا کر کہا

"نہیں اماں نہیں اماں"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ویر نیکے صفوفہ سے لپٹ کر رو دی۔۔

"اماں میں بہت بے بس ہوں ایک شخص کی محبت ٹھکرا کر آئی ہوں یہ جانتے ہوئے بھی کہ اس کی محبت خالص ہے اور بھرپور ہے"

ویر یکے نے روتے ہوئے کہا

"کس کی عمر وکی؟؟"

بی بی صفوفہ نے حیرت سے پوچھا تو ویر نیکے نے سارا واقعہ سنایا

"اماں وہ شخص تو اس دن میری وہ ساری کڑوی باتیں سہہ کر بھی مجھ سے معافی مانگ رہا تھا اور میں اس کی محبت ٹھکرا دی"

"کیوں بیٹا کیوں کیا ایسا؟؟؟"

صفوفہ چیخیں۔۔۔

"بیٹا محبت میں ٹھکرایا ہوا شخص بہت اذیت میں زندگی گزارتا ہے میں جانتی ہوں"۔ صفوفہ چیخیں۔۔

"مگر اماں مجھے لگتا ہے کہ میں کسی اور سے محبت کرتی ہوں"

ویر نیکے نے کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کس سے بیٹا"

"میں خود نہیں جانتی ہوں مگر جب عمرو نے اظہار محبت کیا تو مجھے ایک چہرہ اپنی آنکھوں کے سامنے نظر آ گیا جو مجھ سے کہنے لگا کہ مجھے پانے کے لیے تم کچھ بھی کر سکتی تھی تو اب اس سے دستبردار کیوں ہو رہی؟؟"

ویرنیکے نے روتے ہوئے کہا تو صفوفہ نے اسے گلے سے لگا لیا

"لیکن تمہیں محبت کو ٹھکرانا نہیں چاہیے تھا ویرنیکے۔۔اس محبت کے ٹھکرائے جانے نے مجھ سے میری بیٹی چھین لی

میری ویرنیکے"

بی بی صفوفہ نے روتے ہوئے کہا روتے ہوئے وہ بھول گئیں کہ وہ کیا کہہ رہی ہیں مگر ویرنیکے ان کی بات سے حیرت میں پڑ گئی۔۔

"آپ کی بیٹی"

اس نے کہا

"ہاں ویرنیکے میری بیٹی کا نام تھا مگر میں نے اپنے ہاتھ سے اپنی بیٹی کا گلہ گھونٹ دیا"۔

صفوفہ رونے لگیں۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اماں آپ پریشان ہیں اس لیے ایسی باتیں کر رہی ہیں"۔

"نہیں پتر یہ سچ جب تو مجھے ملی تو مجھے لگا کہ میری ویر نیکے مجھے واپس مل گئی ہو اس لیے میں تیرا نام ویر نیکے رکھا وہ صحن میں میری بیٹی کی قبر ہے نا اسے میں مارا تھا میں قتل کیا تھا اپنی بیٹی کو"

صفوفہ چیخنے لگیں اور ویر نیکے اسے دیکھنے لگی۔۔۔

اس وقت اسنے تفصیل پوچھنا بہتر نہ گردانا کیونکہ وہ خود بھی پریشان تھی

عمرو آخر روتا پیٹتا گھر چلا گیا۔۔۔

مسلسل دو دن یونہی پریشان رہا۔۔نہ کھاتا نہ پیتا۔۔۔نہ سوتا نہ جاگتا

عشق میں ٹھکرائے جانے والے ایسے ہی ہو جاتے ہیں۔۔زندہ لاش جیسے کوئی احساسات ہی نہ ہوں۔۔۔

اللہ رکھی اس کی حالت سے کافی پریشان تھیں آخر کار ایک دن ہمت کر کے پوچھ ہی لیا

"بیٹا مجھے اپنی پریشانی تو بتا مگر یوں رونے کچھ نہ بتایا پھر اللہ رکھی نے ایک عجیب سی بات عمرو کو بتائی

"پتر میں نے صفوفہ بی بی سے تیرے لیے ویر نیکے کے رشتے کی بات کی ہے"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اللہ رکھی نے کہا تو عمرو ایک دم اٹھ بیٹھا

"کیا کہا انہوں نے؟؟"

عمرو نے اداسی سے کہا

"صفوفہ بی بی نے کچھ دن مانگے"

اللہ رکھی نے کہا تو عمرو کی آنکھ سے آنسو نکل پڑے۔۔

اللہ رکھی عمرو سے اصرار کرنے لگی تو عمرو اپنے اور ویرنیکے کے درمیان سارے واقعے کو ماں کو بتایا تو ماں نے اسے رونے کے لیے سر رکھنے کو گود اور آنسو پونچھنے کو ڈوپٹہ دیا اور وہ کیا کر سکتی تھی

بس پھر رب سے دعائیں کرنے لگی۔۔

.....

"یا اللہ! میں تو اپنی پہچان بھی نہیں جانتی

مگر میں جاننا چاہتی ہوں کہ میں کس سے محبت کرتی تھی"

اس دن کے بعد ویرنیکے اللہ سے یہ دعائیں کرنی شروع کر دیں۔

بی بی صفوفہ اسے دعائیں مانگتا دیکھ کر اس کے پاس آئیں اور سر چومنے لگیں۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"بیٹی تو جانتی ہے ں رونے تیرے لیے رشتہ بھیجا تھا شاید خدا نے وہی تیرے مقدر میں لکھا تھا"

صفوفہ نے اسے سمجھایا مگر ویرنیکے رب سے دعائیں کرتی رہی

"یااللہ! اگر عمرو میرے حق میں ہے تو میں راضی ہوں لیکن اگر نہیں تو مجھے اس سے ملوا دیجیے جس سے میں محبت کرتی ہوں"۔

آخر کار ایک دن وہ قدرت کے فیصلے پر راضی ہو گئی۔۔۔

اور پھر یوں طہ پائی عمرو اور ویرنیکے کے مابین رشتے کی حسین شروعات

💖💖💖💖💖💖💖💖

جبران اور عائشہ کا نکاح طہ پایا اور پھر ان کے حسین مستقبل کے لیے دعائیں گئیں۔۔۔

سلطان سبکتگین رو پڑے

"یااللہ! آج آپ نے مجھے دو محبت کرنے والوں کو ملانے کے قابل بنایا تیرا شکر ہے تیرا لاکھ لاکھ شکر ہے"

وہ رو کر دعائیں کرنے لگے

"اگر میرے بس میں ہوتا تو اس سب کا ثواب شہزادی دل ربا تک پہنچا دیتا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کاش وہ میرے نصیب میں ہوتی کاش"!

وہ نکاح خوان اور جبران کو دیکھنے لگے کیونکہ جبران نکاح کے بعد بہت خوش بہت خوش

وہ اس کے چہرے کی خوشی کا مشاہدہ کرنے لگے

💖💖💖💖💖💖💖💖

اس دن جب اوریا اس عورت کے ساتھ اس عورت کے گھر پہنچا تو اس عورت نے اسے

آرام کرنے کو کہا۔۔وہ عورت کافی مالدار لگتی تھی۔۔۔

اس کے پاس اور بھی غلام تھے۔۔۔

بہت عیش و عشرت کی زندگی بسر کر رہی تھی۔۔۔

اوریا آکر سو گیا۔۔

صبح ہوئی تو اس عورت نے جس کا نام عفت تھا اوریا کو قریبی پہاڑوں پر بھیجا تاکہ وہ اس

عورت کے لیے پہاڑی بوندیاں لے کر آئے

اوریا بوندیاں لینے چلا گیا۔۔۔

💖💖💖💖💖💖💖💖

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ویر نیکے بھیڑیں چرانے پہاڑ کے دامن میں کھڑی تھی کہ اچانک اس کی نظر بوندیاں توڑتے اوریا پر پڑی تو وہ حیران رہ گئی۔۔۔

ویر نیکے کافی دیر تک اوریا کو بوندیاں توڑتے ہوئے دیکھتی رہی۔۔اوریا ارد گرد سے انجان بوندیاں توڑنے میں مصروف تھا۔۔۔وہ نہیں جانتا تھا کہ کوئی دور سے ٹکٹکی باندھ کر اسے دیکھ رہا ہے۔۔

کچھ خیالات کچھ ماضی کی یادیں ویر نیکے کے ذہن میں آنے لگیں۔۔ویر نیکے نہیں جانتی تھی کہ یہ سب کیا ہے کیونکہ جو یادیں تھیں اس کے ذہن میں وہ سب دھندلی سی تھیں اور دھندلی چیز حقیقت کو مبہم کر دیتی ہے جیسے کہ صبح اور شام دھندلکا یہ بات غیر واضح کر دیتا ہے کہ کونسا وقت ہے اور ایسے ہی یادیں۔۔دھندلی سی۔۔۔

اس بات کو غیر واضح کر دیتی ہیں کہ انسان کہاں ہے اور کیا ہے؟؟ یادوں میں گم انسان یادوں کو ہی اپنی پہچان سمجھ بیٹھتا ہے اور حقیقت کو ترک کر دیتا ہے۔۔۔

اوریا نے بوندیاں ٹوکری میں ڈالیں اور وہاں سے چلا گیا مگر سوچوں میں گم ویر نیکے اس سب سے بہت دور جا چکی تھی۔۔اسے اوریا کے جانے کا احساس ہی نہ ہوا لیکن جب

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

احساس ہوا تب اوریا کافی دور جا چکا تھا تو ویر نیکے اسے آوازیں دینے لگی

"رکیے

ارے سنیے

رکیے"

مگر بد قسمتی سے اس کی آواز اوریا تک نہ گئی۔۔

وہ اوریا کے پیچھے دوڑنے لگی مگر اوریا درختوں کے جھنڈ میں کہیں کھو گیا اور وہ سر پکڑ کر

زمین پر بیٹھ گئی۔۔۔۔

"وہ کون تھا؟؟

اور میرا کیا لگتا تھا

میرا کیا رشتہ ہے اس کے ساتھ؟؟؟"

اس کے ذہن میں سوال گونجے اور اس کا سر پھٹنے لگا۔۔۔

"اوہ خدایا"!

وہ اپنا سر درد سے پھٹتا دیکھ کر چلائی۔۔۔

پھر اس نے اپنی کمر سے بندھی مشک میں سے پانی نکالا اور پیا پھر درد ہوتے سر کے ساتھ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

واپس گھر کو ہولی۔۔۔

💙💙💙💙💙💙💙

خنصہ محل کی بالکونی پر کھڑی دور سے آتے کبوتروں کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

پھر اس نے ہاتھ بڑھایا۔اس کے ہاتھ میں کچھ دانے تھے۔کبوتر نے چوگا دیکھا تو اس طرف چلا آیا۔۔خنصہ نے کبوتر کی چونچ کے قریب اپنا ہاتھ کیا تو کبوتر خوشی سے وہ دانہ چگنے لگا۔۔

دانہ کھانے کے بعد خنصہ نے کبوتر کو اپنے ہاتھ میں پکڑا اور اس کے پیروں میں ایک چٹھی باندھ دی اور پھر اسے اپنے باپ چودھری شجاعت کے صافے کی خوشبو سنگھانے لگی۔۔

خوشبو سونگھتے ہی کبوتر کی آنکھوں میں ایک چمک آئی جو اس بات کا احساس تھا کہ کبوتر اس کی بات سمجھ گیا ہے پھر کبوتر فضا میں اڑ گیا اور خنصہ خوش ہو کر اسے دیکھنے لگی

"اب یہ کبوتر امی کا پیغام ابا تک پہنچائے گا"

خنصہ مسکرائی

"سلطان سبکتگین اب تمہیں خنصہ سے نکاح کرنا ہی ہو گا ورنہ یہ سلطنت خنصہ کیسے تم سے چھینے گی خنصہ کے سبکتگین یہ جلد ہی تنپئن معلوم ہو جایے گا"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خنصہ مسکرانے لگی

"خنصہ کو تو آج خبر ملی ابا کے کبوتر کے ذریعے ملنے والے پیغام سے کہ جبران اور عائشہ خنصہ کے ہی گاؤں کے دو غدار اور بے حیا لوگ ہیں۔۔۔

خنصہ کے سبکتگین خنصہ سے نکاح تو آپ کو کرنا ہی ہو گا"

خنصہ وہاں سے سامنے بالکونی کے راہداری میں گئی اور پھر سیڑھیوں سے نیچے جانے لگی

۔۔۔

"خنصہ کے سبکتگین خنصہ آپ کو شادی کا نیوتا دینے آ رہی ہے چاہے تو خنصہ کا نیوتا قبول کر لو ورنہ جو خنصہ کرے گی اس کا انجام آپ کو بھگتنا پڑے گا"

خنصہ ہنستی ہوئی سیڑھیوں سے اترنے لگی

💖💖💖💖💖💖💖

اوریا بوندیاں لے کر عفت کے گھر پہنچا تو عفت نے ایک لونڈی کو اوریا سے وہ بوندیاں لینے کو بھیجا۔۔وہ لونڈی نقاب کر کے اوریا سے بوندیاں لینے گئی۔۔۔لیکن جونہی اس نے بوندیاں لینے کے لیے اوریا کی طرف دیکھا وہ اوریا کی طرف دیکھتی ہی گئی۔۔۔

۔۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پہلے سارے جگ میں بھٹکتا ہے عشق

اور تپتی آگ کی طرح بھڑکتا ہے عشق

گر بھا جائے کسی کی تابانی من کو تو

ہر اک رگ میں نس میں پھدکتا ہے عشق

سارے وجود کی یہ صدا ہے

یہ عشق تجھ کو ہوا ہے

اوریا نے لونڈی کو خود کو یوں گھورتا دیکھ کر نظریں جھکا لیں وہ اپنی منگیتر فرزانہ کے علاوہ کسی دوسری لڑکی کو دیکھنا بھی گوارا نہیں کرتا تھا۔۔۔دور کھڑی عفت یہ سب دیکھ رہی تھی اور غصے سے لال پہلی ہو رہی تھی

"اس کی یہ ہمت کہ یہ میری ملکیت پر نظر ڈالے"

عفت غصے سے بولی

"اوریا کو میں نے اپنے مقصد کے لیے خریدا ہے تو کسی دوسری کی نظر میں اس پر پڑنے نہیں دوں گی"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ چلائی مگر اس وقت اوریا ٹوکری اس لونڈی کو جس کا نام شبانہ تھا دے کر آگے بڑھ گیا۔۔

"یہ ہوئی نا بات اوریا

مجھے معلوم تھا تم میرے علاوہ کسی دوسری عورت کو نہیں دیکھو گے۔۔"

عفت چلائی

"تم میری ملکیت ہو صرف میری"

پھر عفت وہاں سے چلی گئی اور اس طرف کو مڑ گئی جدھر اوریا جا رہا تھا اور جاتے ہوئے

اوریا کا ہاتھ تھام لیا۔۔۔

"اچھا کیا تم نے جو اس لونڈی کو نہیں دیکھا

تم صرف میری ملکیت ہو"

عفت نے جا کر اوریا سے کہا

"ہم سب اللہ کے بندے ہیں اور اس کی ملکیت ہیں"

اوریا نے کہا۔۔۔

"باتیں تو بہت اچھی کرتے ہو ویسے جانتے ہو میں نے تمہیں کیوں خریدا؟؟

کیوں ادا کی تمہارے لیے اتنی بھاری قیمت؟؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عفت نے مسکرا کر کہا

"میں پہلے ہی کہہ چکا ہوں مجھے کیا معلوم"

اوریا نے بیزاری سے کہا

"میرا شوہر مر چکا ہے اور اگر تم میرے قابل ہوئے تو میں تم سے نکاح کر لوں گی۔۔۔"

عفت نے کہا

"کیا مطلب میں سمجھا نہیں؟؟"

اوریا نے ایک خدشے سے کہا

"آج کی رات یہ فیصلہ کرے گی کہ تم میرے شوہر بننے کے لائق ہو یا نہیں۔۔

ورنہ مجھے اپنے لیے کسی اور شخص کا انتخاب کرنا ہو گا۔۔۔"

عفت غرائی اور وہاں سے چلی گئی مگر اوریابت بنا اسے جاتا دیکھ رہا تھا۔۔۔

_____

پہلے سارے جگ میں بھٹکتا ہے عشق

اور پتی آگ کی طرح بھڑکتا ہے عشق

گر بھا جائے کسی کی تابانی من کو تو

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہر اک رگ میں نس میں پھدکتا ہے عشق

سارے وجود کی یہ صدا ہے

یہ عشق تجھ کو ہوا ہے

💔💔💔💔💔💔💔

"تمہیں پتا ہے شبانہ کہ وہ جو نیا غلام عفت بیگم مے خریدا ہے کیوں خریدا ہے؟؟"۔

ایک لونڈی نے شبانہ سے کہا جو گوشت دھو رہی تھی۔۔

"نہیں معلوم"

شبانہ نے جواب دیا اور اس کی آنکھوں کے سامنے اوریا کا چہرہ آ گیا

"عفت بیگم اس سے نکاح کرنے والی ہیں"

دوسری لونڈی نے کہا تو شبانہ ششدر رہ گئی

"کیا؟؟"

زبانی حیرت سے بولی

"کیا وہ شخص عفت بیگم جیسی ناپاک عورت سے شادی کر لے گا؟؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شبانہ بولی

"ظاہر ہے اسے شبانہ بیگم کی بات ماننی پڑے گی اور آج رات وہ اس کی آزمائش لیں گی۔۔
اگر وہ اس قابل نہ ہوا تو وہ اسے کسی اور بیچ دیں گی ورنہ وہ اس سے بیاہ کر لیں گی"

دوسری لونڈی نے جواب دیا

"مگر میرا نہیں خیال کہ وہ شخص عفت بیگم کی اس خواہش پر رضامند ہو گا"

شبانہ نے کہا

"تم کیسے کہہ سکتی ہو شبانہ؟؟"

دوسری لونڈی نے کہا

"میں اسے دیکھا ہے۔وہ بہت نیک سیرت انسان ہے۔۔اس کی آنکھیں اس کی پاکدامنی کا
ثبوت ہیں۔۔مانو جیسے اس نے کسی غیر محرم کو نہ دیکھا ہو۔۔۔وہ شخص کبھی بھی عفت
بیگم جیسی ناپاک عورت کو چھوے گا"

شبانہ نے اداسی سے کہا

"لیکن اگر اس نے عفت بیگم کی بات نہ مانی تو عفت بیگم اسے سزا دیں گی"

دوسری لونڈی نے کہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"مجھے اس شخص کو یہ بات بتانی ہو گی مجھے اسے کہنا ہو گا کہ وہ یہاں سے بھاگ جائے۔۔
میں بھی نہیں چاہتی کہ اتنا پاک اور نیک سیرت انسان کسی ناپاک اور گھٹیا عورت کو
چھوے"

شبانہ نے کہا

"تمہیں اس کی اتنی پرواہ کیوں ہو رہی ہے؟؟"

دوسری لونڈی نے سوالیہ انداز سے شبانہ کو دیکھا

"میں نہیں جانتی لیکن اس کی نیک سیرت اور اس کی پاک آنکھوں کے سمندر میں میں
ڈوب چکی ہوں۔۔۔جب سے اسے پہلی بار دیکھا تو اس کے چہرے سے ظاہر ہونے والے
خدا کے رنگوں نے مجھے اپنا گرویدہ بنا لیا ہے اس لیے میں نہیں چاہتی کہ اس کے پاک وجود
کو عفت بیگم جیسی ناپاک عورت چھوئے۔۔۔"

شبانہ نے کہا

"شبانہ! خدا کا خوف کر۔۔عفت نے سن لیا تجھے بڑی عبرتناک سزا دے گی وہ۔۔۔
کہیں تجھے اس شخص سے عشق تو نہیں ہو گیا"

دوسری لونڈی نے کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کچھ ایسا ہی لگتا ہے مجھے تو صبح سے جب سے اسے دیکھا ہے اس کی نیک نیتی اور پاکیزگی میری آنکھوں میں گھلی جا رہی ہے۔۔۔"

شبانہ نے کہا

"دیکھ شبانہ اگر تو یہ عشق ہے نا تو اس عشق کو دبا لے ورنہ عشق کرنے والوں کو انجام بہت برا ہوا کرتا ہے۔۔چپ چاپ سے اپنی محبت کا گلہ گھونٹ دے"

دوسری لونڈی نے کہا

"میں ایسا ہی کروں گی لیکن اسے ایک ناپاک عورت سے ضرور بچاؤں گی"

شبانہ نے کہا اور مسکرا دی۔۔

پہلے سارے جگ میں بھٹکتا ہے عشق

اور پتی آگ کی طرح بھڑکتا ہے عشق

گر بھا جائے کسی کی تابانی من کو تو

ہر اک رگ میں نس میں پھدکتا ہے عشق

سارے وجود کی یہ صدا ہے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ عشق تجھ کو ہوا ہے

یہ سارا جہاں مجھ کو اب نہ سوجھے

میرا ذہن اس جہاں میں میرا یار کھوجے

میں جہاں بھی رہوں رہوں یار کے پاس

میرا یار مجھ میں میں اس میں سموجے

میرا یار مجھ میں رہتا ہے

یہ عشق تجھ کو ہوا ہے

میں مرنا چاہوں یار کے در پر

میں جینا چاہوں یار کے گھر پر

چاہے گدا بنا لے چاہے آقا مجھ کو

سامنے رہوں بس یار کے ہر پل

بس عشق میرا پیشوا ہے

یہ عشق تجھ کو ہوا ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

💔💔💔💔💔💔💔

ویرنیکے گرتی پڑتی گھر پہنچی تو بی بی جی اس کی حالت دیکھ کر اسے تھاما اور اندر لے آئیں اور اسے پانی پلانے لگیں۔۔

"کیا ہوا بیٹی؟؟؟"

بی بی جی نے حیرت سے پوچھا

"اماں میں نے ایک شخص کو دیکھا آج

مجھے لگتا ہے جیسے میرا اس سے کوئی رشتہ ہے

جیسے وہ میرا کچھ لگتا ہے

لیکن اس سے پہلے میں اس سے ملتی وہ چلا گیا

کچھ ماضی کی یادیں ذہن کو جھنجھوڑ رہی ہیں اور میرا سر بھٹی کی طرح دہک رہا ہے"

ویرنیکے نے کہا

"بیٹی خود کو سکون دے

اگر سب کچھ یاد آنا تیری قسمت میں ہوا تو سب آئے گا تو بس خود کو سکون دے اور کچھ دیر آرام کر۔۔ مین تیرے لیے یخنی بنا کر لاتی ہوں"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بی بی جی نے اس کا بوسہ لیا اور کمرے سے نکل گئی۔۔۔

💔💔💔💔💔💔💔

خنصہ سبکتگین کے کمرے میں جا پہنچی۔۔ سبکتگین سلطنت کے رجسٹر پر کچھ معاملات دیکھ رہا تھا کہ خنصہ اندر داخل ہوئی اور دروازہ بند کر دیا۔

سبکتگین نظر اٹھا کر دیکھا تو اسے خنصہ نظر آئی مگر وہ اس بات سے انجان تھا کہ خنصہ نے دروازے کی کنڈی لگا دی ہے۔۔

"کیسے خنصہ کے ماموں زاد؟؟"

خنصہ نے آتے ہی کہا

سبکتگین نے جواب نہ دیا

"ایسی بھی کیا بیزاری ہم سے

ہم ہیں مشتاق اور وہ بے زار

یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے؟؟

خنصہ نے طنز سے کہا

"دیکھیے خنصہ مجھے پریشان مت کیجیے۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں اس وقت بہت اہم ریاستی امر پر کام کر رہا ہوں۔۔ بہتر ہے آپ چلی جایئے م۔

میں جانتا ہوں آپ کس لیے آئی ہیں؟؟

آپ کو کافی سال پہلے مین کہہ چکا ہوں"

سبکتگین نے جواب دیا

"نہ گنواؤ ناوکِ نیم کش دلِ ریزہ ریزہ گنوا دیا

جو بچے ہیں سنگ سمیٹ لو تنِ داغ داغ لُٹا دیا

ادھر ایک حرف کہ کشتنی یہاں لاکھ عذر گفتنی

جو کہا تھا ان کے اڑا دیا جو لکھا تھا پڑھ کے مٹا دیا

جناب ہم ماضی کو بھول چکے ہیں حال میں آیئے۔۔

تب تو ہم۔بچے تو آپ کو جواب نہ دیا"

خنصہ نے مسکرا کر کہا

"خنصہ میں آپ کی بہت عزت کرتا ہوں۔۔

تب آپ کا بچپنہ سمجھ کر میں نے اس بات کو نظر انداز کیا تھا مگر آپ کی حالت اب بھی ویسی ہے؟؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تب میں نے آپ کا بچپنہ سمجھ کر اس بات کا ذکر کسی سے نہ کیا مگر اب مجھے مجبوراً سب کو بتانا ہی ہو گا"

سبکتگین نے رجسٹر بند کر دیا

"خنصہ کے سبکتگین آپ تو غصے میں آ گئے۔۔

وہ بے عزتی میں آج بھی نہیں بھولی لیکن آپ کسی کو بھی نہیں بتائیں گے سمجھے آپ۔۔

مجھے تب بھی آپ سے شادی کرنی تھی اور اب بھی۔۔۔

گر بازی عشق کی بازی ہے جو چاہو لگا دو ڈر کیسا

گر جیت گئے تو کیا کہنا ہاری بھی تو بازی مات نہیں

مجھے آپ کو حاصل کرنا اور میں یہ بازی جیت کر رہوں گی"

خنصہ نے غصے سے کہا

"خنصہ دیکھیے ابھی کم از کم مجھے پریشان مت کیجیے۔۔۔"

سبکتگین بے زار ہو کر کھڑا ہو گیا

"میں آپ سے محبت کرتی ہوں۔۔۔"

خنصہ نے کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"آپ جانتی بھی ہیں کیا کہہ رہی ہی آپ

آپ محبت لفظ کا مطلب بھی جانتی ہیں۔۔؟؟

ارے محبت کا مطلب سمجھنے کے لیے تو دل ربا نے خود کو آگ لگا دی۔۔۔اور آپ کہہ رہی ہیں کہ۔۔"

سبکتگین نے غصے میں کہہ دیا مگر پھر اسے احساس ہوا کہ اس نے کیا کہہ دیا

"کیا دل ربا نے خود کو آگ لگائی"

خنصہ نے حیرت سے کہا

"کیا کہہ رہے ہیں آپ؟؟"

مگر سبکتگین خاموش ہو گیا اور کمرے سے باہر جانے کے لیے دروازے کی طرف بڑھا اور دروازہ کھولنا چاہا تو خنصہ آگے آ گئی۔۔

"آپ یوں باہر نہیں جا سکتے۔۔مجھ سے بات کر کے جایئے۔۔۔مجھے جواب دیجیے"

"مجھے آپ کو جواب دینے کی کوئی ضرورت نہیں۔۔"

سبکتگین آگے بڑھا تو خنصہ اس سے لپٹ گئی

"یہ کیا کر رہی ہیں آپ خنصہ ہٹیے مجھ سے دور ہو جائیں۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سبکتگین نے اسے خود سے پیچھے کرنا چاہا

"اب تو میں آپ سے دور نہیں ہٹوں گی کیونکہ اب آپ کو تھام لیا ہے اور ساری دنیا کو دکھاؤں گی یہ سب۔۔۔"

خنصہ نے کہا اور پھر زور زور سے چلانے لگی۔۔

"چھوڑو مجھے سبکتگین چھوڑیے مجھے"

خنصہ کی آوازیں سن کر ملکہ نور صبح اور زرین اس طرف آگئی اور دروازہ کھٹکٹانے لگیں۔۔

سبکتگین کی آنکھوں میں خوف آگیا۔

وہ خود کو خنصہ سے دور کرتا تو خنصہ اسے خود میں لپیٹ لیتی اور جھکڑ لیتی۔۔۔

زرین اور نور صبح دروازہ کھٹکٹانے لگیں تو سبکتگین کے ہوش اڑ گئے۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

قافلے کے لٹنے کی خبر ایک شخص سے دوسرے شخص اور پھر دوسرے سے تیسرے تک گردش کرتی ہوئی آخر کار افواہ بن گئی۔۔۔ہر شخص نے اس خبر میں اپنی مرضی کے مطابق اضافہ اور تبدیلی کی۔۔ خیر جس کی جتنی اوقات تھی اس نے وہی کہا۔۔۔افواہ اور جھوٹی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خبریں جنگل کی آگ کی طرح پھیلتی ہیں۔۔دونوں ہی گرم، ترش اور جھلسا دینے والی ہوتی ہیں۔۔دونوں کا ہی کوئی وجود نہیں ہوتا اور بے بنیاد ہوتی ہیں۔۔۔

خیر یہ افواہ جب ملک مہیب پہنچی تو حقیقت بدل چکی تھی کہ ڈاکوؤں نے قافلے پر حملہ کیا اور سب کو مار ڈالا۔۔۔

شہزادے اوریا کی موت نے پورے ملک کو سوگوار بنا دیا۔۔شہزادے سرمد ملکہ رقیہ اور سلطان مغیب کا رو رو کر برا حال ہو گیا تھا۔۔فرزانہ تو غم سے نڈھال ہوئی جاتی تھی۔۔

اوریا کے وعدے اسے یاد آنے لگے مگر موت تو برحق ہوتی ہے۔۔کوئی لاکھ بھی کہہ لے کہ مرنے والے بنا نہیں رہا جائے گا مگر یہ سب جھوٹ ہوتا ہے کیونکہ وقت بدل دیتا ہے احساس بھی جذبات بھی انتخاب بھی اور انسان بھی۔۔وقت سمجھوتہ کرنا سکھا دیتا ہے انسانوں کے ساتھ۔۔

بچھڑے ہوؤں کو بھولنے میں اور ان کی یاد سے۔۔

نئی امیدیں اور نئے نصب العین زندگی کو آگے بڑھا دیتے ہیں۔۔کسی کے مرنے کوئی بھی نہیں مرتا ہاں البتہ جینے کے انداز اطوار احساسات اور جذبات سب بدل جاتے ہیں۔۔۔

کوئی ایک دن دو دن موت پر سوگ منایا جائے گا اور مرنے والے کے ساتھ بیتانے لمحوں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کو یاد کیا جائے گا مرنے والے کے ساتھ بیتائی حسین یادوں کے جزیروں کو ظاہر کیا جائے گا جنہیں وقت کی موجوں نے زندگی کے سمندر میں کہیں ڈبو دیا تھا مگر پھر یہ وقت کی لہریں انگڑائی لیں گی اور زندگی کے مد و جزر سب مل کر ان جزیروں کو پھر سے تہ آب دفن کر دیں گے۔۔یہ سوگوار فضا پھر سے دلنشین اور حسین ہو جائے گی۔۔نئی امیدوں کے نقادوں سے اور نئی تمناؤں کے دھاروں سے۔۔

نئے نظریوں کی قوس قزح پھر سے زندگی کے عالم کو رنگدار بنا دے گی۔۔۔

💖💖💖💖💖💖💖💖

"سبکتگین آپ کو خدا کا واسطہ ہے مجھے چھوڑ دیں۔۔خدا کے لیے میری زندگی سے کھلواڑ مت کیجیے خدا کے لیے"

خنصہ کے چلانے کی آوازیں باہر آ رہی تھیں اور زرین اور نور صبح کے سانس پھولنے لگے۔۔۔

دونوں کی آنکھوں سے آنسو لگاتار نکلنے لگے۔۔

زرین نے آگے بڑھ کر دروازہ کھٹکٹانا شروع کر دیا۔۔

سبکتگین جو کہ آگے بڑھ کر دروازہ کھولنے کی کوشش کر رہا تھا خنصہ اسے آگے بڑھنے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں دے رہی تھی

"خنصہ مجھے کرنے دیجیے"

سبکتگین نے غصے سے کہا

"سبکتگین خدا کے لیے مت کیجیے"

خنصہ نے سبکتگین کی ہی بات کو اس پر ڈال دیا

"خنصہ اب مجھے غصہ آرہا ہے"

سبکتگین اب اپنے ہوا اس کھو بیٹھا تھا وہ کبھی ایسی گھٹیا حرکت کرنے کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا اور اب وہ مجبور تھا بنا کوئی گناہ کیے اس کی آنکھوں کے سامنے اس کی پاکیزگی پر داغ لگ رہے تھے اور وہ کچھ نہیں کر پا رہا تھا۔۔

"خنصہ اب مجھ برداشت نہیں ہو رہا اب میں کچھ پر کر گزروں گا"

سبکتگین نے خنصہ کو دھکا دیا تاکہ دروازہ کھول سکا

"آہ مجھے درد ہو رہا ہے امی مجھے بچایئے۔۔"

خنصہ نے پھر سے سبکتگین کی ہی بات سبکتگین پر ڈال دی۔۔

زرین بدستور دروازہ زور زور سے کھٹکتا رہی تھیں۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سبکتگین نے غصے میں آکر تھپر خنصہ کے چہرے کے طرف بڑھایا۔۔عین اس وقت زیادہ دروازہ بجنے سے کندہ کھل گئی اور سامنے کا منظر دیکھ کر نور صبح اور خنصہ ساکت ہو گئیں کیونکہ سبکتگین خنصہ کو تھپر مار رہا تھا

💖💖💖💖💖💖💖

شبانہ کو اوریا تک پہنچنے اور اسے سب بتانے کی جلدی تھی۔۔۔وہ اوریا کو ہر جگہ تلاش کر رہی تھی۔۔آخر کار اسے چھت پر اوریا مل گیا۔۔

وہ فورا چھت پر پہنچی۔۔اوریا نے ایک لڑکی کو اپنی طرف آتا دیکھا تو نظریں جھکا لیں۔۔

"مجھے آپ سے بات کرنی ہے"

شبانہ نے بڑے ادب سے کہا

"جی کہیے"

اوریا نے کہا

شبانہ کچھ کہنے ہی والی تھی کہ اسے دور سے عفت بیگم آتی دکھائی دی۔۔۔تو وہ وہاں سے بھاگ گئی۔۔عفت بیگم نے اسے بھاگتے دیکھ لیا اور پھر اوریا کو بھی دیکھا

"یہ لڑکی میری ملکیت پر قبضہ کرنا چاہتی ہے اسے سزا تو ملے گی"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عفت غرائی اور پھر اوریا کے پاس آنے لگی۔۔

"آج رات تم میرے کمرے میں آؤ گے"

عفت نے اوریا کے پاس آکر مسکرا کر کہا

"میں سمجھا نہیں"

اوریا نے کہا

"جب آؤ گے سمجھا دوں گی تمہیں"

عفت یہ کہہ کر مسکرا کر وہاں سے چلی گئی۔۔۔

مگر اوریا حیران اور پریشان کھڑا تھا۔۔

💔💔💔💔💔💔💔

دوپہر کو ویرنیکے کی حالت تھوڑی بہتر ہوئی تو بی بی جی نے اسے کھانا دیا۔۔

"اماں جی ایک بات پوچھوں"

کھانا کھاتے ہوئے ویرنیکے نے پوچھا

"ہاں پوچھو"

اماں بولیں۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"آپ کی بیٹی کو کیا ہوا تھا؟؟"

ویر نیکے نے کہا تو بی بی صفوفہ حیرت سے اسے دیکھنے لگی۔۔

"مت پوچھ پتر چل کھانا کھا۔۔۔"

بی بی صفوفہ نے بات بدلی لیکن ایک سوچ میں گم گئیں۔۔

"اماں جی مجھے بتایئے"۔

ویر نیکے نے پھر پوچھا

"پتر آج شام عمرو آئے گا تجھ سے ملنے"

صفوفہ نے پھر سے بات بدلی

"اماں مجھے یہ بتایئے کہ ویر نیکے کو کیا ہوا تھا"

ویر نیکے ضد کرنے لگی تو اختیار اماں صفوفہ نے اپنا منہ کھولا۔۔

💔💔💔💔💔💔💔💔

"ہائے میرے خدایا" !

زرین چلائیں۔۔۔

"ہائے میری بیٹی"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

زرین نے آگے بڑھ کر خنصہ کو تھاما جو بدستور رو رہی تھی۔۔۔

اس کے بال بکھرے ہوئے تھے۔۔۔

"کیا کر دیا تو نے میری بیٹی کا

کیا حال بنا دیا"

زرین چلانے لگیں۔۔ مگر سبکتگین ساکت کھڑا تھا۔۔

اپنی صفائی اور بے گناہی پیش کرنے کے لیے اس کے پاس کوئی ثبوت نہ تھا۔۔۔

نور صبح سبکتگین کو دیکھ دیکھ کر آنسو بہا رہی تھیں اور سبکتگین بھی اپنی ماں کے سامنے

آنکھیں جھکائے کھڑا تھا۔۔۔

"بیٹی اس نے تمہیں چھوا تو نہیں"

زرین نے خنصہ کو گلے لگا کر کہا

"اماں اس نے مجھے ہاتھ لگایا مجھے مارا مجھے پیٹا مجھے چھوا اور گندا کر دیا"

خنصہ روتے ہوئے چلائی مگر سبکتگین سامنے مجرموں کی طرح کھڑا سوچ رہا تھا کہ ایک

شخص اتنا برا کیسے ہو سکتا ہے؟؟

"ہائے میری بیٹی کی زندگی برباد ہو گئی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کون بیاہے گا میری بیٹی کو

ارے اگر گندی نظر تھی میری بیٹی ہر تو بول دیتا مجھے نکاح کر دیتی تجھ سے میں اس کا"

زرین چلانے لگیں۔۔

نور صبح سے یہ سب برداشت نہ ہوا اور روتے ہوئے وہاں سے چلی گئیں۔۔۔

نور صبح کے جانے کے بعد زرین سبکتگین کو کوسنے لگیں اور پھر خنصہ کو لے کر چلی گئی۔۔

"چلا بیٹی تجھے نہلاوں اور اس خبیث کی ساری غلاظت سے تجھے پاک کروں"

"نہیں اماں اب میں کبھی پاک نہیں ہوں گی کبھی بھی نہیں۔۔۔"

سبکتگین کا وجود گرم ہو گیا تھا۔۔سانس پھول رہے تھے۔۔

💖💖💖💖💖💖💖💖

"سنو رقیہ"

سلطان مغیب نے اپنی بیوی رقیہ سے کہا

"میرا بیٹا مر گیا ہے اب میری بھی طبیعت خراب رہنے لگی ہے۔معلوم نہیں کہ کب

انتقال ہو جایے

مرنے سے پہلے تمہیں کچھ بتانا چاہتا ہوں"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سلطان مغیب اپنے بستر پر بیٹھے تھے اور اپنی اہلیہ ملکہ رقیہ سے بات کر رہے تھے۔۔

"کیا کہنا ہے آپ نے میرے سرتاج؟؟؟"

ملکہ رقیہ ان کے اس رویے سے حیرت زدہ ہو گئیں۔۔

"میرے دل پر ایک بوجھ ہے بہت بڑا بوجھ۔۔"

سلطان مغیب نے کہا

"تم جانتی ہو تمہارے علاوہ میری ایک اور بھی بیوی تھی۔۔۔صفوفہ"

سلطان مغیب نے کہا

"ہاں میں جانتی ہوں"

رقیہ نے کہا

"لیکن میں آج آپ کو اپنے اور صفوفہ کے رشتے کی حقیقت بتاؤں گا"

سلطان مغیب نے کہا تو رقیہ خوفزدہ نگاہوں سے دیکھنے لگی۔۔

💔💔💔💔💔💔💔💔💔💔

سلطان مغیب ایک دن سفر کرتے ہوئے ایک جزیرے میں جا پہنچے اور وہاں انہیں صفوفہ نام کی ایک لڑکی بھا گئی۔۔سلطان مغیب اپنے ملک کے شہزادے تھے جبکہ صفوفہ ایک

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لکڑہاڑے کی بیٹی تھیں۔۔۔سلطان مغیب نے جونہی صفوفہ کو دیکھا وہ تو صفوفہ کے دیوانے ہو گئے۔۔۔

بادشاہوں میں اکثر یہ رواج ہوا کرتا ہے کہ یہ لوگ بھیس بدل کر سفر کرتے ہیں۔۔

مغیب نے بھی ایک غریب آدمی کا روپ دھاڑا ہوا تھا اور صفوفہ کے والد سے جا کر صفوفہ کے رشتے کی بات کی۔۔

مگر مغیب کی حالت دیکھ کر صفوفہ کے والد نے صاف انکار کر دیا کہ میری بیٹی کے لیے کوئی شہزادہ آئے گا میری بیٹی تو پری ہے۔۔ارے یہ تو اتنی خوبصورت ہے کہ پریاں بھی حسد کریں اس پر۔۔۔

مغیب کو یہ بات بہت بری لگی مگر صفوفہ کو پانے کا جنون ان پر سوار تھا ابھی ان کی شادی بھی نہیں ہوئی تھی۔۔۔وہ صفوفہ سے نکاح کر کے اپنی پیاس بجھانا چاہتے تھے۔۔۔آخر کار مغیب نے ایک دن ایک ترکیب سوچی۔۔۔

"اب میں صفوفہ کو ہر قیمت پر حاصل کرنا ہی ہو گا"

مغیب نے اب ٹھان لی تھی کہ وہ صفوفہ کو پا کر رہیں گے۔۔



Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سلطان مغیب نے پانی کا گلاس پیا اور ملکہ رضیہ کی طرف دیکھا جو سوالیہ نظروں سے مغیب کو دیکھ رہی تھیں کیونکہ وہ سمجھتی تھیں کہ مغیب صرف ان سے محبت کرتے ہیں۔۔۔



صفوفہ بی بی نے گہری سانس لی اور پھر گویا ہوئیں۔۔۔۔



مغیب نے اب صفوفہ کو پانے کے لیے چھپ چھپ کر صفوفہ سے ملنا شروع کر دیا۔۔وہ اس وقت صفوفہ کے گھر آتا جب صفوفہ کا والد اگھر نہ ہوتا۔صفوفہ کی ماں کافی عرصہ پہلے مر چکی تھیں اس لیے صفوفہ اکثر ہی اکیلی گھر ہوتی۔۔۔

مغیب کو پہلے تو صفوفہ سے بات چیت میں بہت دشواری ہوتی رہی کیونکہ وہ پہلے فقیر کے روپ میں آتا رہا لیکن پھر معاملات بڑھتے گیے۔۔صفوفہ کو فقیر پر ترس آنے لگا تو اس نے فقیر کو گھر میں بلا کر کھانا کھلانا شروع کر دیا۔۔

دونوں میں بات چیت بھی بڑھنے لگی اور ایسے میں ضفوفہ کو اس فقیر سے محبت ہو گئی۔۔۔

اور صفوفہ نے اس کا اظہار بھی کر دیا

لیکن اس دن فقیر گیا تو واپس نہ آیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صفوفہ اس کا انتظار کرتی رہی مگر وہ لوٹا نہیں۔۔ صفوفہ نے اس کی یاد میں بہت آنسو بہائے ۔۔ ساتھ بیتائے پل اسے بہت پریشان کرتے۔۔

تین سال بعد وہ فقیر یعنی مغیب لوٹا تو صفوفہ نے اسے کہا کہ مجھ سے نکاح کر لو میں تمہارے بغیر نہیں رہ سکتی تو مغیب نے کہا کہ تمہارا باپ کبھی نہیں مانے گا۔۔ صفوفہ نے بتایا کہ اس کا باپ کچھ دنوں کے لیے دوسرے شہر گیا ہوا ہے تو مغیب اور صفوفہ باہمی رضامندی وہاں سے چلے گئے اور دور ایک مسجد میں جا کر نکاح کر لیا۔۔۔

نکاح کے بعد مغیب نے صفوفہ کو گھر واپس چھوڑ دیا۔۔۔

نکاح کے بعد گھر واپس آ کر مغیب نے صفوفہ سے اپنی پیاس بجھالی مگر صفوفہ کا باپ جلد ہی واپس آ گیا تھا اور اس نے مغیب اور صفوفہ کو دیکھ لیا۔۔ صفوفہ اور مغیب نے لاکھ کہا کہ ہم نکاح شدہ ہیں۔۔۔ صفوفہ نے بتایا کہ میں مغیب کی بیوی ہوں مگر اس کے باپ کو یقین نہ آیا اور دھکے مار کر دونوں کو گھر سے نکال دیا۔۔۔

پہلے سارے جگ میں بھٹکتا ہے عشق

اور پتی آگ کی طرح بھڑکتا ہے عشق

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

گر بھا جائے کسی کی تابانی من کو تو

ہر اک رگ میں نس میں پھد کتا ہے عشق

سارے وجود کی یہ صدا ہے

یہ عشق تجھ کو ہوا ہے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باب سوم

ہار عشق کی

صفوفہ اور مغیب نے وہ گاؤں چھوڑ دیا اور پھر وہاں سے نکل پڑے۔۔راستے میں مغیب نے صفوفہ کو بتایا کہ وہ ایک بھکاری نہیں ہے۔۔مغیب کی یہ بات صفوفہ کو بہت عجیب لگی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

--

"آپ بھکاری نہیں تو کیا ہیں؟؟"

صفوفہ نے دریافت کیا تو مغیب نے اپنی سچائی بتائی کہ میں ایک شہزادہ ہوں اور بادشاہ بننے والا ہوں۔۔۔پہلے تو صفوفہ کو یقین نہ آیا مگر پھر اسے مغیب کی بات ماننی پڑی۔۔

شہزادہ کا سن کر صفوفہ نے باپ کا دکھ بھلا دیا اور شہزادی بننے کے حسین خواب سوچنے لگی

--

ہر لڑکی کی یہ آرزو ہوتی ہے کہ کوئی شہزادہ آئے اور اسے گھوڑے پر سوار کر کے لے جائے اور اپنے محل میں جا کر اسے رانی بنائے اور صفوفہ کو لگا کہ اس کے یہ حسین خواب پورے ہونے والے ہیں۔۔

مگر اس کی حیرت کی انتہا نہ رہی جب مغیب نے صفوفہ کو اپنے ملک لے جانے سے انکار کر دیا

"جس طرح تمہارے باپ نے میرے اور تمہارے نکاح کا یقین نہیں کیا۔۔کیا تمہیں لگتا ہے کہ میرے والدین اس بات کا یقین کر لیں گے"

مغیب کی بات سن کر صفوفہ سکتے میں آ گئی۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"دیکھو میں تمہیں جہاں بھی رکھوں گا بہت خوش رکھوں گا۔۔ہر طرح کی سہولت دوں گا تمہیں۔۔اور تم سے ملنے بھی آتا رہوں گا لیکن خدا کے لیے کسی کو بھی ہمارے تعلق کی خبر مت ہونے دینا۔۔۔

اگر اس جگہ کوئی بھی تم سے میرے حوالے سے کچھ بھی دریافت کرے تو کہہ دینا کہ میں تمہارا کوئی رشتے دار ہوں"

مغیب نے صفوفہ کے سر پر ہاتھ رکھا۔۔

پھر مغیب اسے اپنے ملک کے ایک شہر میں لے گیا

وہاں کے لوگوں کی زبان باغی ملک سے الگ تھی۔۔

مغیب نے ایسا اس لیے کیا تاکہ کوئی بھی صفوفہ سے اس کی پہچان نہ جان سکے اور نہ ہی صفوفہ کسی سے بات چیت کر سکے۔۔

صفوفہ کو وہاں چھوڑ کر مغیب چلا گیا۔۔

💖💖💖💖💖💖💖💖

بی بی صفوفہ کی آنکھیں آنسوؤں سے تر ہو گئیں تھیں۔۔اور زیادہ رونے سے ہچکی بندھ گئی تھی۔۔۔ویرنیکے نے پانی کا پیالہ انہیں تھمایا تو وہ پانی پینے لگیں۔۔پانی پی کر پھر سے گویا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہوئیں

💔💔💔💔💔💔💔

صفوفہ کو اس بستی میں چھوڑ کر مغیب واپس اپنے محل چلا گیا۔۔مغیب نے وہاں صفوفہ کے لیے ایک گھر بھی خریدا تھا۔۔جب مغیب لوٹا تو اپنی زندگی کے معاملات میں کھو گیا اور صفوفہ کو بھول گیا۔۔اسی دوران مغیب کو ایک رقیہ نامی لڑکی سے محبت ہو گئی تھی۔۔اور جلد ہی رقیہ اور مغیب کی شادی بھی ہو گئی۔۔۔مغیب کو اکثر صفوفہ کی یاد آتی مگر اس سے اسے کوئی فرق نہ پڑتا کیونکہ وہ صفوفہ سے قطعاً محبت نہیں کرتا تھا۔۔صفوفہ سے شادی اس نے محض اپنے دل کی تسکین کے لیے کی تھی اور جب ایک دن وہ اپنی بیوی سے اکتا گیا تو کہیں سیر و سیاحت کے بہانے سے صفوفہ کے پاس چلا گیا۔۔

💔💔💔💔💔💔💔💔

سلطان مغیب تھوڑی دیر رکے پھر ملکہ رقیہ کی طرف دیکھا جس کی آنکھوں میں ایک شکوہ تھا ایک گلہ تھا۔۔سلطان مغیب نے بات کو نظر انداز کیا اور پھر سے گویا ہوئے

💔💔💔💔💔💔💔💔

مغیب کے بنا صفوفہ بہت پریشان رہتی تھی۔۔وہ مغیب سے محبت کرتی تھی۔۔مغیب

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کے ساتھ بیتائے پل اسے چین سے نہیں رہنے دیتے تھے۔ہر پل ہر گھڑی ہر لمحہ مغیب کی یادیں اسے ستاتی رہتیں۔۔۔بعض اوقات کھانے پینے کی اشیاء دینے کوئی قاصد آتا اور سامان دے کر چکا جاتا یہ کہہ کر کہ سلطان مغیب نے بھیجے ہیں۔۔صفوفہ اپنا پیغام دینا چاہتی مگر قاصد سنی ان سنی کر کے واپس چلا جاتا۔۔

صفوفہ خدا سے ہمیشہ دعا کرتی کہ مغیب سے اسے ملادے اور پھر اس کی دعائیں قبول ہوئیں اور ایک دن مغیب اس سے ملنے چلا آیا۔۔

💔💔💔💔💔💔💔💔💔💔

صفوفہ بی بی نے اپنے لہجے میں ایک تمنا اور آس بڑھ کر ویر نیکے کو دیکھا۔۔۔

"پھر کیا ہوا اماں جی؟؟وہ آپ سے ملنے آئے؟؟"

ویر نیکے نے پوچھا

"ہاں پھر وہ مجھ سے ملنے آیا"

بی بی صفوفہ پھر سے گویا ہوئیں۔۔

💔💔💔💔💔💔💔💔💔💔

مغیب صفوفہ سے ملا۔۔اس نے صفوفہ کے ساتھ کئی جھوٹے وعدے کیے کیونکہ صفوفہ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نے اس کے آتے ہی رونا شروع کر دیا تو مغیب نے ذمہ داریوں کا بہانہ کیا اور مستقبل میں جلد آنے کا وعدہ بھی کیا۔۔۔ پھر مغیب نے صفوفہ کے ساتھ وقت بیتایا اور اپنے دل کی پیاس بجھائی۔۔۔ایک مہینے بعد وہ پھر واپس چلا گیا

💔💔💔💔💔💔💔💔

سلطان مغیب نے رقیہ کو دیکھا

"میں اس وقت آپ کے ساتھ رہا کرتی تھی"

رقیہ نے کہا

"ہاں مگر شاید تم میری پیاس نہ بجھا سکی"

مغیب نے کہا

"پھر کیا آپ مے صفوفہ کو چھوڑ دیا"

رقیہ نے پوچھا

"نہیں ہاں البتہ میں اسے بھول گیا کیونکہ خدا نے ہمیں اولاد عطا کر دی تھی۔۔"

سلطان مغیب پھر سے گویا ہوئے

💔💔💔💔💔💔💔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جب مغیب صفوفہ سے ملنے آیا تو صفوفہ سمجھی کہ مغیب شاید اسے یاد کرتا ہو گا اس لیے ملنے آیا۔۔ صفوفہ نے تمام گلے شکوے مغیب سے کیے اور اسے اپنے پاس رکنے کو کہا مگر مغیب نے ذمہ داریوں اور وقت کی قلت کا بہانہ کیا۔۔ مغیب کی مصروفیات کے آگے صفوفہ کو گھٹنے ٹیکنے پڑے اور پھر اپنے پیار کو خود سے دور بھیجنا پڑا۔۔

💔💔💔💔💔💔💔💔

"تو کیا پھر کبھی واپس نہ آئے"

ویرنیکے نے تجسس سے پوچھا

"آئے مگر بہت سال بعد"

بی بی صفوفہ نے غم زدہ انداز سے کہا

"کیوں اماں جی؟؟"

ویرنیکے نے کہا

"کیونکہ خدا نے ان کو اولاد عطا کر دی تھی"

صفوفہ نے اداسی سے کہا

"اولاد مگر کیسے؟؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"انہوں نے ایک اور بیاہ کر رکھا تھا"

صفوفہ پھر سے گویا ہوئیں ں۔۔



مغیب کے جانے کے کچھ دن بعد ہی خدا نے مغیب کو دو جڑواں بیٹوں سے نواز دیا۔ایک کا نام سرمدر کھا اور دوسرے کا نام اوریا۔۔۔

مغیب نے چونکہ صفوفہ کے ساتھ بہت غلط کیا تھا خدا نے اسے اس کی سزا دینی ہی تھی۔۔

مغیب کو اپنی محبت رقیہ کو چھوڑنا پڑا اور یوں ان میں طلاق ہو گئی۔۔۔

بچوں کی پیدائش کی وجہ سے مغیب صفوفہ کو مکمل بھول گیا تھا لیکن رقیہ کے چلے جانے کے بعد اسے صفوفہ کی حاجت محسوس ہوئی تو وہ صفوفہ سے ملنے اس کی بستی چلا گیا مگر وہ صفوفہ سے نہ مل سکا کیونکہ وہاں کے سب لوگ ہجرت کر کے کہیں اور جا چکے تھے کیونکہ اس بستی میں سیلاب آ گیا تھا



"تو مجھ سے الگ ہونے کے بعد خدا نے صفوفہ کو بھی آپ سے چھین لیا"

ملکہ رقیہ نے پوچھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ہاں رقیہ"

"تو کیا آپ پھر کبھی اس سے نہ مل پائے؟"

"ملا تھا"

سلطان مغیب نے گہری سانس لے کر کہا اور پھر گویا ہوئے

💖💖💖💖💖💖💖

صفوفہ جس بستی میں رہتی تھی۔وہاں سیلاب آگیا تھا۔۔۔بستی کے سبھی لوگوں نے ہجرت کرنا مناسب سمجھا۔۔صفوفہ پہلے تو جانے کے لیے رضامند نہیں تھی مگر پھر سیلاب کا بہاؤ بہت ہو گیا تھا بالآخر اسے بھی وہاں سے جانا پڑا۔۔۔

اس دوران صفوفہ اس بستی کی زبان بھی سیکھ چکی تھی اور ان کے رسم الخط سے بھی آشنا ہو چکی تھی۔اس نے لوگوں سے باتیں کرنا اور گھلنا ملنا بھی شروع کر دیا تھا۔اپنے ابا کی بھی یاد آتی مگر واپسی کے راستہ بند تھا اس لیے بس اپنے دل میں کڑھتی اور خود کو کوستی۔۔۔

وہ قافلہ وہاں سے بہت دور چلا گیا تھا۔۔۔

💖💖💖💖💖💖💖

"تو کیا پھر آپ مغیب سے الگ ہو گئیں"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ویر نیکے نے پوچھا

"ہاں ہم الگ ہو گئے تھے لیکن خدا نے اٹھارہ سال بعد ہمیں دوبارہ ملا دیا"

صفوفہ نے مسکرا کر کہا اور بات دوبارہ شروع کی

💖💖💖💖💖💖💖💖

مغیب وقتاً فوقتاً بستی میں جاتا مگر صفوفہ نہ ملتی تو وہ ناامید ہو کر لوٹ آتا۔۔

اب اس نے صفوفہ کو بھولنس شروع کر دیا اور اپنی زندگی کا مقصد اپنے بیٹے سرمد کو بنا لیا

💖💖💖💖💖💖💖💖

"تو کیا پھر آپ صفوفہ سے کبھی نہ مل سکے"

رقیہ نے پوچھا

"ملا تھا"

سلطان مغیب پھر سے گویا ہوئے

💖💖💖💖💖💖💖💖

اٹھارہ سال وہ ان ں ستی والوں کے ساتھ دوسرے ملک جا کر رہی۔۔۔اٹھارہ سال بعد وہ ایک قافلے کے ساتھ سفر کر کے اپنی بستی واپس آئی۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 3)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

